۞ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَىْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُۥ وَلِلرَّسُولِ
اور جان لو | بیشک جو | غنیمت بھی حاصل کی تم نے | کوئی | بھی چیز | تو بیشک | اللہ کے لئے ہے | اس کا پانچواں حصہ | اور رسول کے لئے ہے

وَلِذِى ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ وَٱبْنِ ٱلسَّبِيلِ إِن
اور والے کے لئے | قرابت دار | اور یتیموں کے لئے | اور مسکینوں کے لئے | اور | مسافروں کے لئے | اگر

كُنتُمْ ءَامَنتُم بِٱللَّهِ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ ٱلْفُرْقَانِ
ہو تم | ایمان لائے تم | اللہ پر | اور جو | نازل کیا ہم نے | پر | اپنے بندوں پر | دن | فیصلے کے (دن)

يَوْمَ ٱلْتَقَى ٱلْجَمْعَانِ ۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤١﴾ إِذْ
جس دن | ملی تھیں | دو جماعتیں | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قدرت رکھنے والا ہے | ۸:۴۱ | جب

أَنتُم بِٱلْعُدْوَةِ ٱلدُّنْيَا وَهُم بِٱلْعُدْوَةِ ٱلْقُصْوَىٰ وَٱلرَّكْبُ
تم | کنارے پر تھے | قریب کے | اور وہ | کنارے پر تھے - دوسری طرف تھے | دور والے (کنارے پر تھے) - دوسری طرف تھے | اور قافلہ

أَسْفَلَ مِنكُمْ ۚ وَلَوْ تَوَاعَدتُّمْ لَٱخْتَلَفْتُمْ فِى ٱلْمِيعَٰدِ
نیچے تھا | تم سے | اور اگر | تم نے وعدہ مقرر کیا ہوتا | البتہ اختلاف میں پڑجاتے تم | میں | مقرر وقت کے بارے میں

وَلَٰكِن لِّيَقْضِىَ ٱللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا لِّيَهْلِكَ مَنْ
اور لیکن | تاکہ پورا کردے | اللہ | ایک کام کو | جو ہو | کر رہنے والا تھا | تاکہ ہلاک ہو جائے | وہ

هَلَكَ عَنۢ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَىَّ عَنۢ بَيِّنَةٍ ۗ وَإِنَّ ٱللَّهَ
جو ہلاک ہوتا ہے | سے | دلیل کے ساتھ | اور زندہ رہے | جسے | زندہ رہنا ہے | ساتھ | دلیل روشن کے ساتھ | اور بیشک | اللہ تعالی

لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٤٢﴾ إِذْ يُرِيكَهُمُ ٱللَّهُ فِى مَنَامِكَ قَلِيلًا ۖ
البتہ سننے والا ہے | جاننے والا ہے | ۸:۴۲ | جب | دکھلایا تجھ کو انہیں | اللہ نے | میں | تمہارے خواب میں | تھوڑے

وَلَوْ أَرَىٰكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَٰزَعْتُمْ فِى ٱلْأَمْرِ
اور اگر | دکھاتا تجھ کو انہیں | زیادہ | البتہ ہمت ہار جاتے تم | اور البتہ جھگڑنے لگتے تم | میں | معاملے میں

وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُۥ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿٤٣﴾ وَإِذْ
اور لیکن | اللہ تعالیٰ نے | سلامت رکھا | بیشک وہ | جاننے والا ہے | بھید | سینوں کے | ۸:۴۳ | اور جب

يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ ٱلْتَقَيْتُمْ فِىٓ أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا وَيُقَلِّلُكُمْ
وہ دکھا رہا تھا تمہیں ان کو | اس وقت جب | تم ملے (ان کو) | میں | تمہاری نگاہوں میں | تھوڑا کم | اور تمہیں کم دکھایا

فِىٓ أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِىَ ٱللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى ٱللَّهِ
میں | ان کی نگاہوں میں | تاکہ پورا کردے | اللہ | اس کام کو | جو ہو | کر رہنے والا تھا | اور طرف | اللہ کی

تُرْجَعُ ٱلْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً
لوٹائے جاتے ہیں | سب معاملات | ۸:۴۴ | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | جب | ملو تم | ایک گروہ کو

فَٱثْبُتُوا۟ وَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾
تو جمے رہو | اور یاد کرو | اللہ کو | بہت زیادہ | تاکہ تم | تم فلاح پاؤ | ۸:۴۵

پارہ ١٠

٤١. جان لو کہ تم جس قسم کی جو کچھ غنیمت حاصل کرو اس میں سے پانچواں حصہ تو اللہ کا ہے اور رسول کا اور قرابت داروں کا اور یتیموں کا اور مسکینوں کا اور مسافروں کا، اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو اور اس چیز پر جو ہم نے اپنے بندے پر اس دن اتارا جو دن حق اور باطل کی جدائی کا تھا جس دن دو فوجیں بھڑ گئی تھیں۔ اللہ ہرچیز پر قادر ہے

٤٢. جب کہ تم پاس والے کنارے پر تھے اور وہ دور والے کنارے پر تھے اور قافلہ تم سے نیچے تھا اگر تم آپس میں وعدے کرتے تو یقیناً تم وقت معین پر پہنچنے میں مختلف ہو جاتے لیکن اللہ کو تو ایک کام کر ہی ڈالنا تھا جو مقرر ہو چکا تھا تاکہ جو ہلاک ہو اور جو زندہ رہے، وہ بھی دلیل پر (حق پہچان کر) زندہ رہے، بیشک اللہ بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

٤٣. جب کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے تیرے خواب میں ان کی تعداد کم دکھائی، اگر ان کی زیادتی دکھاتا تو تم بزدل ہو جاتے اور اس کام کے بارے میں آپس میں اختلاف کرتے لیکن اللہ تعالیٰ نے بچا لیا وہ دلوں کے بھیدوں سے خوب آگاہ ہے۔

٤٤. جب اس نے بوقت ملاقات انہیں تمہاری نگاہوں میں بہت کم دکھایا اور تمہیں ان کی نگاہوں میں کم دکھایا تاکہ اللہ تعالیٰ اس کام کو انجام تک پہنچا دے جو کرنا ہی تھا اور سب کام اللہ ہی کی طرف پھیرے جاتے ہیں۔

٤٥. اے ایمان والو! جب تم کسی مخالف فوج سے بھڑ جاؤ تو ثابت قدم رہو اور بکثرت اللہ کی یاد کرو تاکہ تمہیں کامیابی حاصل ہو

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ
اور اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی اور نہ تم باہم جھگڑو تو تم کم ہمت ہوجاؤ گے اور جاتی رہے گی

رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٤٦﴾ وَلَا تَكُونُوا
ہوا تمہاری - یعنی شان تمہاری اور صبر کرو بیشک اللہ تعالیٰ ساتھ ہے صبر کرنے والوں کے ٨:٤٦ اور نہ تم ہوجاؤ

كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ
ان لوگوں کی طرح جونکلے سے اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور دکھاتے ہوئے لوگوں کو اور وہ روکتے ہیں

عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٤٧﴾ وَإِذْ زَيَّنَ
سے راستے سے اللہ کے اور اللہ ساتھ اس کے جو وہ عمل کررہے ہیں گھیرنے والا ہے ٨:٤٧ اور جب خوبصورت بنادیا

لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ
ان کے لئے شیطان نے ان کے اعمال کو اور کہا نہیں کوئی غالب آنے والا تم پر آج کے دن سے

النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ
لوگوں میں سے اور بیشک میں ہمسایہ ہوں تمہارا تو جب آمنے سامنے ہوئے دو گروہ الٹے پاؤں بھاگا - پلٹ گیا

عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا
پر اپنی دونوں ایڑیوں پر اس نے کہا - بولا بیشک میں بری الذمہ ہوں تم سے بیشک میں میں دیکھتا ہوں جو نہیں

تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ ۚ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ إِذْ يَقُولُ
تم دیکھتے بیشک میں میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور اللہ سخت سزا دینے والا ہے ٨:٤٨ جب کہہ رہے تھے

الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ
منافق اور وہ لوگ میں جن کے دلوں میں بیماری تھی دھوکے میں ڈال دیا ان لوگوں کو ان کے دین نے

وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ
اور جو کوئی بھروسہ کرے گا پر اللہ پر تو بیشک اللہ تعالیٰ زبردست ہے حکمت والا ہے ٨:٤٩ اور کاش

تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ
تم دیکھو جب فوت کررہے تھے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا فرشتے مارتے تھے

وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ
ان کے چہروں کو اور ان کی پیٹھوں کو اور چکھو عذاب جلنے کا ٨:٥٠ یہ

بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾
بوجہ اس کے جو آگے بھیجا تمہارے ہاتھوں نے اور بیشک اللہ تعالیٰ نہیں ہے ظلم کرنے والا بندوں پر ٨:٥١

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ
مانند حالت آل فرعون کے اور ان لوگوں کے سے جو ان سے پہلے تھے انہوں نے کفر کیا آیات کا اللہ کی

فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾
پھر پکڑ لیا ان کو اللہ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے بیشک اللہ تعالیٰ مضبوط سخت والاہے سزا / عذاب ٨:٥٢

٤٦. اور اللہ کی اور اس کے رسول کی فرماں برداری کرتے رہو، آپس میں اختلاف نہ کرو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر و سہار رکھو یقیناً اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

٤٧. ان لوگوں جیسے نہ بنو جو اتراتے ہوئے اور لوگوں میں خود نمائی کرتے ہوئے اپنے گھروں سے چلے اور اللہ کی راہ سے روکتے تھے، جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اسے گھیر لینے والا ہے۔

٤٨. جبکہ ان کے اعمال کو شیطان انہیں زینت دار دکھا رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ لوگوں سے کوئی بھی آج تم پر غالب نہیں آسکتا میں خود بھی تمہاراحمایتی ہوں لیکن جب دونوں جماعتیں نمودار ہوئیں تو اپنی ایڑیوں کے بل پیچھے ہٹ گیا اور کہنے لگا میں تم سے بری ہوں۔ میں وہ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے، میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے۔

٤٩. جب منافق کہہ رہے تھے اور وہ بھی جن کے دلوں میں روگ تھا کہ انہیں تو ان کے دین نے دھوکے میں ڈال دیا ہے جو بھی اللہ پر بھروسہ کرے اللہ تعالیٰ بلا شک و شبہ غلبے والا اور حکمت والا ہے۔

٥٠. کاش کہ تو دیکھتا جب کہ فرشتے کافروں کی روح قبض کرتے ہیں ان کے منہ پر اور سرینوں پر مار مارتے ہیں (اور کہتے ہیں تم جلنے کا عذاب چکھو

٥١. یہ بسبب ان کاموں کے جو تمہارے ہاتھوں نے پہلے ہی بھیج رکھا ہے بیشک اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں

٥٢. مثل فرعونیوں کے حال کے اور ان سے اگلوں کے کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں سے کفر کیا پس اللہ نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں پکڑ لیا اللہ تعالیٰ یقیناً قوت والا اور سخت عذاب والا ہے۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ لَمۡ يَكُ مُغَيِّرٗا نِّعۡمَةً أَنۡعَمَهَا عَلَىٰ قَوۡمٍ حَتَّىٰ
یہ | بوجہ اس کے کہ بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں | ہے | تبدیل کرنے والا | کسی نعمت کو | اس نے انعام کیا اس کو | اوپر | ایک قوم کے | یہاں تک کہ

يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنفُسِهِمۡ وَأَنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٞ ٥٣ كَدَأۡبِ ءَالِ
وہ تبدیل کردیں اس کو | جو | ان کے نفسوں میں ہے | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | سننے والا | جاننے والا ہے | 8:53 | مانند حالت | آل

فِرۡعَوۡنَ وَٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ فَأَهۡلَكۡنَٰهُم
فرعون کے | اور ان لوگوں کے جو | ان سے پہلے تھے | انہوں نے جھٹلایا | آیات کو | اپنے رب کی | تو ہم نے ہلاک کردیا ان کو

بِذُنُوبِهِمۡ وَأَغۡرَقۡنَآ ءَالَ فِرۡعَوۡنَۚ وَكُلّٞ كَانُواْ ظَٰلِمِينَ ٥٤
ان کے گناہوں کی وجہ سے | اور غرق کردیا ہم نے | آل | فرعون کو | اور سب کے سب | تھے | ظالم لوگ | 8:54

إِنَّ شَرَّ ٱلدَّوَآبِّ عِندَ ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ
بیشک | جانوروں میں بدترین | نزدیک | کے | اللہ کے | وہ لوگ ہیں | جنہوں نے کفر کیا | پس وہ | نہیں | ایمان لائیں گے

٥٥ ٱلَّذِينَ عَٰهَدتَّ مِنۡهُمۡ ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهۡدَهُمۡ فِي كُلِّ
8:55 | وہ لوگ | عہد لیا تونے | ان سے | پھر | وہ توڑ دیتے ہیں | اپنے عہد کو | میں | ہر

مَرَّةٖ وَهُمۡ لَا يَتَّقُونَ ٥٦ فَإِمَّا تَثۡقَفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡحَرۡبِ فَشَرِّدۡ بِهِم
مرتبہ - ہر بار | اور وہ | نہیں | ڈرتے | 8:56 | پھر اگر | تم پاؤ ان کو | میں | جنگ (میں) | تو مار بھگاؤ | ان کے ذریعے

مَّنۡ خَلۡفَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُونَ ٥٧ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوۡمٍ
ان کو | جو ان کے پیچھے ہیں | شاید کہ وہ | نصیحت پکڑیں | 8:57 | پھر اگر | تمہیں خدشہ ہو - تم خوف رکھتے ہو | سے | کسی قوم سے

خِيَانَةٗ فَٱنۢبِذۡ إِلَيۡهِمۡ عَلَىٰ سَوَآءٍۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلۡخَآئِنِينَ
خیانت کا | تو ڈال دو - پھینک دو | ان کی طرف | پر | برابر برابر | بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں | محبت رکھتا | خیانت کرنے والوں سے

٥٨ وَلَا يَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ سَبَقُوٓاْۚ إِنَّهُمۡ لَا يُعۡجِزُونَ
8:58 | اور نہ | سمجھیں | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | وہ سبقت لے گئے - آگے بڑھ گئے | بیشک وہ | نہیں | عاجز کرسکتے

٥٩ وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا ٱسۡتَطَعۡتُم مِّن قُوَّةٖ وَمِن رِّبَاطِ ٱلۡخَيۡلِ
8:59 | اور تیار رکھو | ان کے لئے | جو | استطاعت رکھتے ہو تم | سے | قوت میں سے | اور سے | باندھنے میں سے | گھوڑے

تُرۡهِبُونَ بِهِۦ عَدُوَّ ٱللَّهِ وَعَدُوَّكُمۡ وَءَاخَرِينَ مِن دُونِهِمۡ
تم ڈراتے ہو | ساتھ اس کے | دشمنوں کو | اللہ کے | اور اپنے دشمنوں کو | اور کچھ دوسروں کو | کے | ان کے علاوہ

لَا تَعۡلَمُونَهُمُ ٱللَّهُ يَعۡلَمُهُمۡۚ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيۡءٖ فِي سَبِيلِ
نہیں | تم جانتے ان کو | اللہ | جانتا ہے ان کو | اور جو تم | خرچ کرو گے | کوئی | چیز - کچھ بھی | میں | راستے میں

١/٤ الحزب ١٩ ٱللَّهِ يُوَفَّ إِلَيۡكُمۡ وَأَنتُمۡ لَا تُظۡلَمُونَ ٦٠ ۞ وَإِن جَنَحُواْ لِلسَّلۡمِ
اللہ کے | پھر پورا پورا دیا جائے گا | تمہیں | اور تم | نہ | ظلم کئے جاؤ گے | 8:60 | اور اگر | وہ مائل ہوں | سلامتی کی طرف

فَٱجۡنَحۡ لَهَا وَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِۚ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ ٦١
تو تم بھی مائل ہوجاؤ | اس کے لئے | اور بھروسہ کرو | پر | اللہ | بیشک وہ | وہ ہے | جو سننے والا ہے | جو بہت زیادہ جاننے والا ہے | 8:61

٥٣. یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کہ کسی قوم پر کوئی نعمت انعام فرما کر پھر بدل دے جب تک کہ وہ خود اپنی اس حالت کو نہ بدل دیں جو کہ ان کی اپنی تھی اور یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

٥٤. مثل حالت فرعونیوں کے اور ان سے پہلے کے لوگوں کے کہ انہوں نے اپنے رب کی باتیں جھٹلائیں۔ پس ان کے گناہوں کے باعث ہم نے انہیں برباد کیا اور فرعونیوں کو ڈبو دیا۔ یہ سارے ظالم تھے

٥٥. تمام جانداروں سے بدتر، اللہ کے نزدیک وہ ہیں جو کفر کریں، پھر وہ ایمان نہ لائیں۔

٥٦. جن سے تم نے عہد پیمان کر لیا پھر بھی وہ اپنے عہد و پیمان کو ہر مرتبہ توڑ دیتے ہیں اور بالکل پرہیز نہیں کرتے

٥٧. پس جب کبھی تو لڑائی میں ان پر غالب آجائے انہیں ایسی مار مار کہ ان کے پچھلے بھی بھاگ کھڑے ہوں، ہو سکتا ہے کہ وہ عبرت حاصل کریں۔

٥٨. اور اگر تجھے کسی قوم کی خیانت کا ڈر ہو تو برابری کی حالت میں ان کا عہد نامہ توڑ دے، اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

٥٩. کافر یہ خیال نہ کریں کہ وہ بھاگ نکلے۔ یقیناً وہ عاجز نہیں کر سکتے۔

٦٠. تم ان کے مقابلے کے لئے اپنی طاقت بھر قوت کی تیاری کرو اور گھوڑوں کے تیار رکھنے کی کہ اس سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوف زدہ رکھ سکو اور ان کے سوا اوروں کو بھی، جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں خوب جان رہا ہے جو کچھ بھی اللہ کی راہ میں صرف کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دیا جائے گا اور تمہارا حق نہ مارا جائے گا۔

٦١. اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو بھی صلح کی طرف جھک جا اور اللہ پر بھروسہ رکھ، یقیناً وہ سننے جاننے والا ہے

وَإِن يُرِيدُوٓا۟ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ ٱللَّهُ ۚ هُوَ ٱلَّذِىٓ أَيَّدَكَ

اور اگر | وہ چاہیں | کہ | وہ دھوکہ دیں تجھ کو | تو بیشک | کافی ہے تجھ کو | اللہ | وہ اللہ | وہ ذات ہے | جس نے تائید کی تیری

بِنَصْرِهِۦ وَبِٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنفَقْتَ

اپنی مدد کے ذریعے | اور مومنوں کے ذریعے | ٨:٦٢ | اور الفت ڈال دی | درمیان | ان کے دلوں کے | اگر | تم خرچ کرتے

مَا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا مَّآ أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ

جو | میں | زمین میں ہے | سارے کا سارا | نہ | تم الفت ڈال سکتے تھے | درمیان | ان کے دلوں کے | اور لیکن | اللہ تعالیٰ نے

أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُۥ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٣﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ حَسْبُكَ

الفت ڈال دی | ان کے درمیان | بیشک وہ | زبردست ہے | حکمت والا ہے | ٨:٦٣ | اے | نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) | کافی ہے تجھ کو

ٱللَّهُ وَمَنِ ٱتَّبَعَكَ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٤﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ حَرِّضِ

اللہ | اور جو | پیروی کرے تیری | سے | مومنوں میں سے | ٨:٦٤ | اے | نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) | شوق دلاؤ

ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَى ٱلْقِتَالِ ۚ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَٰبِرُونَ

مومنوں کو | پر | جنگ پر | اگر | ہوں گے | تم میں سے | بیس | صبر کرنے والے

يَغْلِبُوا۟ مِا۟ئَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّا۟ئَةٌ يَغْلِبُوٓا۟ أَلْفًا مِّنَ

غالب آجائیں گے | دو سو پر | اور اگر | ہوں | تم میں سے | ایک سو | غالب آجائیں گے | ایک ہزار پر | سے

ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿٦٥﴾ ٱلْـَٰٔنَ خَفَّفَ

ان لوگوں میں | جنہوں نے کفر کیا | بوجہ اس کے بیشک وہ | ایک قوم ہیں جو | نہیں | سمجھتی | ٨:٦٥ | اب | ہلکا کردیا

ٱللَّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّا۟ئَةٌ

اللہ نے | تم سے | اور اس نے جان لیا | بیشک | تم میں | کمزوری ہے | پس اگر | ہوں | تم میں سے | ایک سو

صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا۟ مِا۟ئَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوٓا۟

صبر کرنے والے | غالب آجائیں گے | دو سو پر | اور اگر | ہوں | تم میں سے | ایک ہزار | وہ غالب آجائیں گے

أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ لِنَبِىٍّ

دو ہزار پر | اذن سے | اللہ کے | اور اللہ | ساتھ ہے | صبر کرنے والوں کے (ساتھ ہے) | ٨:٦٦ | نہیں | ہے | کسی نبی کے لئے

أَن يَكُونَ لَهُۥٓ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ

کہ | ہوں | اس کے لئے | قیدی | یہاں تک کہ | وہ اچھی طرح خون بہا دے | میں | زمین (میں) | تم چاہتے ہو | فائدہ

ٱلدُّنْيَا وَٱللَّهُ يُرِيدُ ٱلْـَٔاخِرَةَ ۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾ لَّوْلَا كِتَٰبٌ

دنیا کا (فائدہ) | اور اللہ | وہ چاہتا ہے | آخرت | اور اللہ | زبردست ہے | حکمت والا ہے | ٨:٦٧ | اگر نہ ہوتا | لکھا ہوا

مِّنَ ٱللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَآ أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوا۟

سے | اللہ کی طرف | جو گزرچکا | البتہ پہنچتا تم کو | اس میں جو | لیا تم نے | عذاب | بڑا | ٨:٦٨ | پس کھاؤ

مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَٰلًا طَيِّبًا ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٩﴾

اس میں سے جو | مال غنیمت حاصل کرو تم | حلال | پاک (سمجھ کر) | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ تعالیٰ | غفور | رحیم ہے | ٨:٦٩

٦٢. اگر وہ تجھ سے دغا بازی کرنا چاہیں گے تو اللہ تجھے کافی ہے، اسی نے اپنی مدد سے اور مومنوں سے تیری تائید کی ہے۔

٦٣. ان کے دلوں میں باہمی الفت بھی اسی نے ڈالی ہے، زمین میں جو کچھ ہے تو اگر سارا کا سارا بھی خرچ کر ڈالتا تو بھی ان کے دل آپس میں نہ ملا سکتا۔ یہ تو اللہ ہی نے ان میں الفت ڈال دی ہے، وہ غالب حکمتوں والا ہے۔

٦٤. اے نبی! تجھے اللہ کافی ہے اور ان مومنوں کو جو تیری پیروی کر رہے ہیں۔

٦٥. اے نبی! ایمان والوں کو جہاد کا شوق دلاؤ، اگر تم میں بیس بھی صبر والے ہونگے، تو وہ سو پر غالب رہیں گے۔ اور اگر تم ایک سو ہونگے تو ایک ہزار کافروں پر غالب رہیں گے اس واسطے کہ وہ بے سمجھ لوگ ہیں۔

٦٦. اچھا اب اللہ تمہارا بوجھ ہلکا کرتا ہے، وہ خوب جانتا ہے کہ تم میں ناتوانی ہے، پس اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں گے تو وہ دو سو پر غالب رہیں گے اور اگر تم میں سے ایک ہزار ہونگے تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے، اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

٦٧. نبی کے ہاتھ میں قیدی نہیں چاہییں جب تک کہ ملک میں اچھی خون ریزی کی جنگ نہ ہو جائے۔ تم تو دنیا کے مال چاہتے ہو اور اللہ کا ارادہ آخرت کا ہے اور اللہ زور آور باحکمت ہے۔

٦٨. اگر پہلے ہی سے اللہ کی طرف سے بات لکھی ہوئی نہ ہوتی تو جو کچھ تم نے لے لیا ہے اس بارے میں تمہیں کوئی بڑی سزا ہوتی۔

٦٩. پس جو کچھ حلال اور پاکیزہ غنیمت تم نے حاصل کی ہے، خوب کھاؤ پیو اور اللہ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ غفور و رحیم ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ قُل لِّمَن فِيٓ أَيۡدِيكُم مِّنَ ٱلۡأَسۡرَىٰٓ إِن يَعۡلَمِ ٱللَّهُ
اے | نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) | کہہ دیجئے | واسطے اس کے جو | میں | تمہارے ہاتھوں میں ہے | سے | قیدیوں | اگر | جانے گا | اللہ

فِي قُلُوبِكُمۡ خَيۡرٗا يُؤۡتِكُمۡ خَيۡرٗا مِّمَّآ أُخِذَ مِنكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡۚ
میں | تمہارے دلوں میں | کوئی بھلائی | وہ دے گا تم کو | بہتر | اس سے جو | لے لیا گیا | تم سے | اور معاف کردے گا | تم کو

وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ٧٠ وَإِن يُرِيدُواْ خِيَانَتَكَ فَقَدۡ خَانُواْ ٱللَّهَ
اور اللہ | غفور | رحیم ہے | ۸:۷۰ | اور اگر | وہ چاہیں | تجھ سے خیانت | تو تحقیق | انہوں نے خیانت کی | اللہ کی

مِن قَبۡلُ فَأَمۡكَنَ مِنۡهُمۡۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ٧١ إِنَّ ٱلَّذِينَ
اس سے پہلے | تو اس نے قابو میں دے دیا | ان کو | اور اللہ | علم والا | حکمت والا ہے | ۸:۷۱ | بیشک | وہ لوگ

ءَامَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ بِأَمۡوَٰلِهِمۡ وَأَنفُسِهِمۡ فِي سَبِيلِ
جو ایمان لائے | اور انہوں نے ہجرت کی | اور جہاد کیا | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنے نفسوں کے ساتھ | میں | راستے

ٱللَّهِ وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٖۚ وَٱلَّذِينَ
اللہ کے | اور وہ لوگ | جنہوں نے پناہ دی | اور مدد دی | یہی لوگ | ان میں سے بعض | سرپرست ہیں۔ گہرے دوست ہیں | بعض کے | اور وہ لوگ

ءَامَنُواْ وَلَمۡ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلَٰيَتِهِم مِّن شَيۡءٍ حَتَّىٰ يُهَاجِرُواْۚ
جو ایمان لائے | اور نہیں | انہوں نے ہجرت کی | نہیں | تمہارے لئے | کی | ان کی ولایت میں سے | کوئی | بھی چیز | یہاں تک کہ | وہ ہجرت کرجائیں

وَإِنِ ٱسۡتَنصَرُوكُمۡ فِي ٱلدِّينِ فَعَلَيۡكُمُ ٱلنَّصۡرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوۡمِۭ
اور اگر | وہ مدد مانگیں تم سے | میں | دین کے معاملے میں | تو تم پر ہے | مدد کرنا | مگر | کے خلاف | اس قوم (کے خلاف)

بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُم مِّيثَٰقٞۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ ٧٢ وَٱلَّذِينَ
تمہارے درمیان | اور ان کے درمیان | پختہ معاہدہ ہے | اور اللہ تعالیٰ | ساتھ اس کے جو | تم عمل کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | ۸:۷۲ | اور وہ لوگ

كَفَرُواْ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍۚ إِلَّا تَفۡعَلُوهُ تَكُن فِتۡنَةٞ فِي
جنہوں نے کفر کیا | ان میں سے بعض | مددگار ہیں | بعض کے | اگر نہیں | تم کرو گے اس کو | ہوگا | فتنہ | میں

ٱلۡأَرۡضِ وَفَسَادٞ كَبِيرٞ ٧٣ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ
زمین (میں) | اور فساد | بہت بڑا | ۸:۷۳ | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے ہجرت کی | اور انہوں نے جہاد کیا

فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ
میں | راستے میں | اللہ کے | اور وہ لوگ | جنہوں نے پناہ دی | اور مدد کی | یہی لوگ | وہ | مؤمن لوگ ہیں

حَقّٗاۚ لَّهُم مَّغۡفِرَةٞ وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ ٧٤ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنۢ بَعۡدُ
سچے | ان کے لئے | بخشش ہے | اور رزق | عزت والا | ۸:۷۴ | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | اس کے بعد

وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ مَعَكُمۡ فَأُوْلَٰٓئِكَ مِنكُمۡۚ وَأُوْلُواْ ٱلۡأَرۡحَامِ
اور انہوں نے ہجرت کی | اور جہاد کیا | تمہارے ساتھ | تو یہی لوگ ہیں | تم میں سے | اور | رشتے دار

بَعۡضُهُمۡ أَوۡلَىٰ بِبَعۡضٖ فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمُۢ ٧٥
ان میں سے بعض | قریب ہیں | بعض کے | میں | کتاب (میں) | اللہ کی | بیشک | اللہ تعالیٰ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے | ۸:۷۵

۷۰. اے نبی! اپنے ہاتھ تلے کے قیدیوں سے کہہ دو کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں نیک نیتی دیکھے گا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اس سے بہتر تمہیں دے گا اور پھر گناہ معاف فرمائے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۷۱. اور اگر وہ تجھ سے خیانت کا خیال کریں گے تو یہ اس سے پہلے خود اللہ کی خیانت کر چکے ہیں آخر اس نے انہیں گرفتار کرا دیا اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

۷۲. جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے ان کو پناہ دی اور مدد کی یہ سب آپس میں ایک دوسرے کے فریق ہیں اور جو ایمان لائے ہیں لیکن ہجرت نہیں کی تو تمہارے لئے ان کی کچھ بھی رفاقت نہیں جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں، ہاں اگر وہ دین کے بارے میں مدد طلب کریں تو تم پر مدد کرناضروری ہے سوائے ان لوگوں کے کہ تم میں اور ان میں عہد و پیمان ہے، تم جو کچھ کر رہے ہو اللہ خوب دیکھتا ہے۔

۷۳. کافر آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم نے ایسا نہ کیا تو ملک میں فتنہ ہوگا اور زبردست فساد ہو جائے گا

۷۴. جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے پناہ دی اور مدد پہنچائی۔ یہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لئے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔

۷۵. اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کیا۔ پس یہ لوگ بھی تم میں سے ہی ہیں اور رشتے ناطے والے ان میں سے بعض بعض سے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کے حکم میں، بیشک اللہ تعالیٰ ہرچیز کا جاننے والا ہے۔

سُورَةُ التَّوبَة

٩ | سُورَةُ التَّوبَة | ١٢٩

٢/٤ الحزب ١٩

بَرَآءَةٌ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦٓ إِلَى ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّم مِّنَ ٱلْمُشْرِكِينَ ١

براءت ہے | سے | اللہ (کی) طرف (سے) | اور اس کے رسول کی (طرف سے) | طرف | ان لوگوں کی طرف | معاہدے کئے تم نے | سے | مشرکین میں سے | 9:1

فَسِيحُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى

پس چلو پھرو - سیر کرو | میں | زمین (میں) | چار | مہینے | اور جان لو | بیشک تم | نہیں | عاجز کرنے والے

ٱللَّهِ وَأَنَّ ٱللَّهَ مُخْزِى ٱلْكَٰفِرِينَ ٢ وَأَذَٰنٌ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦٓ

اللہ کو | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | رسوا کرنے والا ہے | کافروں کو | 9:2 | اور اعلان ہے | سے | اللہ کی (طرف سے) | اور اس کے رسول کی (طرف سے)

إِلَى ٱلنَّاسِ يَوْمَ ٱلْحَجِّ ٱلْأَكْبَرِ أَنَّ ٱللَّهَ بَرِىٓءٌ مِّنَ ٱلْمُشْرِكِينَ

طرف | لوگوں کی طرف | دن | حج | اکبر کے | بیشک | اللہ | بری الذمہ ہے | سے | مشرکوں سے

وَرَسُولُهُۥ ۚ فَإِن تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَٱعْلَمُوٓا۟

اور اس کا رسول بھی | پھر اگر | توبہ کرلو تم | تو وہ | بہتر ہے | تمہارے لئے | اور اگر | منہ پھیرا تم نے | تو جان لو

أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى ٱللَّهِ ۗ وَبَشِّرِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

بیشک تم | نہیں | عاجز کرنے والے | اللہ کو | اور خوش خبری دے دو | ان لوگوں کو | جنہوں نے کفر کیا | عذاب کی | دردناک

٣ إِلَّا ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّم مِّنَ ٱلْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنقُصُوكُمْ شَيْـًٔا

9:3 | سوائے | ان لوگوں کو | جن سے عہد کیا تم نے | سے | مشرکین میں (سے) | پھر | نہیں | انہوں نے کمی کی تم سے | کچھ بھی

وَلَمْ يُظَٰهِرُوا۟ عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوٓا۟ إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ

اور نہیں | انہوں نے پشت پناہی کی | تمہارے خلاف | کسی کی | تو پورا کرو | ان کی طرف | ان کے عہد کو | تک | ان کی مدت تک

إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلْمُتَّقِينَ ٤ فَإِذَا ٱنسَلَخَ ٱلْأَشْهُرُ ٱلْحُرُمُ

بیشک | اللہ تعالیٰ | پسند کرتا ہے | تقویٰ والوں کو | 9:4 | پھر جب | گزر جائیں | مہینے | حرام

فَٱقْتُلُوا۟ ٱلْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَٱحْصُرُوهُمْ

تو قتل کرو | مشرکوں کو | جہاں کہیں | پاؤ تم ان کو | اور پکڑو ان کو | اور گھیرو ان کو

وَٱقْعُدُوا۟ لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِن تَابُوا۟ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُا۟

اور بیٹھ جاؤ | ان کے لئے | ہر | گھات پر | پھر اگر | وہ توبہ کرلیں | اور قائم کریں | نماز | اور ادا کریں

ٱلزَّكَوٰةَ فَخَلُّوا۟ سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ٥ وَإِنْ أَحَدٌ

زکوٰۃ | تو چھوڑ دو | ان کا راستہ | بیشک | اللہ تعالیٰ | بخشنے والا | مہربان ہے | 9:5 | اور اگر | کوئی ایک

مِّنَ ٱلْمُشْرِكِينَ ٱسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَٰمَ

سے | مشرکین میں سے | پناہ مانگے تم سے | تم پناہ دے دو اس کو | یہاں تک کہ | وہ سن لے | کلام

ٱللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُۥ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُونَ ٦

اللہ کا | پھر | پہنچا دو اس کو | اس کی جائے امن میں | یہ | بوجہ اس کے کہ بیشک وہ | ایسے لوگ ہیں | نہیں | جو علم رکھتے | 9:6

سورة التوبة
مدینہ
سورہ نمبر: ۹ آیات: ۱۲۹

۱. اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے بیزاری کا اعلان ہے ان مشرکوں کے بارے میں جن سے تم نے عہد پیمان کیا تھا ۔

۲. پس (اے مشرکو!) تم ملک میں چار مہینے تک تو چل پھر لو، جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور یہ (بھی یاد رہے) کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے ۔

۳. اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لوگوں کو بڑے حج کے دن صاف اطلاع ہے کہ اللہ مشرکوں سے بیزار ہے، اور اس کا رسول بھی، اگر اب بھی تم توبہ کر لو تو تمہارے حق میں بہتر ہے، اور اگر تم روگردانی کرو تو جان لو کہ تم اللہ کو ہرا نہیں سکتے، اور کافروں کو دکھ کی مار کی خبر پہنچا دیجئے ۔

٤. بجز ان مشرکوں کے جن سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے اور انہوں نے تمہیں ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچایا اور نہ کسی کی تمہارے خلاف مدد کی ہے تم بھی ان کے معاہدے کی مدت ان کے ساتھ پوری کرو، اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے ۔

۵. پھر حرمت والے مہینوں کے گزرتے ہی مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کرو انہیں گرفتار کرو ان کا محاصرہ کرو اور ان کی تاک میں ہر گھاٹی میں جابیٹھو، ہاں اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کے پابند ہوجائیں اور زکوۃ ادا کرنے لگیں تو تم ان کی راہیں چھوڑ دو، یقیناً اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے ۔

٦. اگر مشرکوں میں سے کوئی تجھ سے پناہ طلب کرے تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ وہ کلام اللہ سن لے پھر اسے اپنی جائے امن تک پہنچا دے، یہ اس لئے کہ یہ لوگ بے علم ہیں ۔

كَيۡفَ يَكُونُ لِلۡمُشۡرِكِينَ عَهۡدٌ عِندَ ٱللَّهِ وَعِندَ رَسُولِهِۦٓ
کس طرح | ہوسکتا ہے | مشرکین کے لئے | کوئی عہد | نزدیک | اللہ کے | اور نزدیک | اس کے رسول

إِلَّا ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّمۡ عِندَ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِۖ فَمَا ٱسۡتَقَٰمُواْ
سوائے | ان لوگوں کے | عہد کیا تم نے | پاس | مسجد | مسجد (حرام) کے | توجب تک | وہ قائم رہیں

لَكُمۡ فَٱسۡتَقِيمُواْ لَهُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَّقِينَ ٧
تمہارے لئے | پس تم بھی قائم رہو | ان کے لئے | بیشک | اللہ تعالیٰ | پسند کرتا ہے | تقوی والوں کو | 9:7

كَيۡفَ وَإِن يَظۡهَرُواْ عَلَيۡكُمۡ لَا يَرۡقُبُواْ فِيكُمۡ إِلّٗا وَلَا
کس طرح | اور اگر | وہ غلبہ پاجائیں | تم پر | نہ | لحاظ کریں | تمہارے معاملے میں | قرابت کا | اور نہ

ذِمَّةٗۚ يُرۡضُونَكُم بِأَفۡوَٰهِهِمۡ وَتَأۡبَىٰ قُلُوبُهُمۡ وَأَكۡثَرُهُمۡ
کسی معاہدے کا | وہ راضی کرتے ہیں تم کو | اپنے مونہوں کے ساتھ | اور انکار کرتے ہیں | دل ان کے | اور اکثر ان میں سے

فَٰسِقُونَ ٨ ٱشۡتَرَوۡاْ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ ثَمَنٗا قَلِيلٗا فَصَدُّواْ عَن
فاسق ہیں | 9:8 | انہوں نے بیچ ڈالا | آیات کو | اللہ کی | قیمت کے عوض | تھوڑی | پھر انہوں نے روکا | سے

سَبِيلِهِۦٓۚ إِنَّهُمۡ سَآءَ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ٩ لَا يَرۡقُبُونَ
اس کے راستے (سے) | بیشک وہ | کتنا برا ہے | جو | وہ ہیں | وہ کر رہے ہیں | 9:9 | نہیں | وہ لحاظ کرتے

فِي مُؤۡمِنٍ إِلّٗا وَلَا ذِمَّةٗۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُعۡتَدُونَ ١٠ فَإِن
میں | کسی مومن کے بارے میں | کسی قرابت کا | اور نہ | معاہدے کا | اور یہی لوگ | وہ ہیں | جو حد سے بڑھنے والے ہیں | 9:10 | پھر اگر

تَابُواْ وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُاْ ٱلزَّكَوٰةَ فَإِخۡوَٰنُكُمۡ فِي
وہ توبہ کرلیں | اور قائم کریں | نماز | اور ادا کریں | زکوۃ | تو بھائی ہیں تمہارے | میں

ٱلدِّينِۗ وَنُفَصِّلُ ٱلۡأٓيَٰتِ لِقَوۡمٖ يَعۡلَمُونَ ١١ وَإِن
دین کے معاملے (میں) | اور ہم کھول کھول کر بیان کرتے ہیں | آیات | اس قوم کے لئے | جو علم رکھتی ہو | 9:11 | اور اگر

نَّكَثُوٓاْ أَيۡمَٰنَهُم مِّنۢ بَعۡدِ عَهۡدِهِمۡ وَطَعَنُواْ فِي دِينِكُمۡ
وہ توڑ دیں | اپنی قسمیں | بعد | اپنے عہد کرنے کے | اور طعنہ دیں- عیب نکالیں | میں | تمہارے دین (میں)

فَقَٰتِلُوٓاْ أَئِمَّةَ ٱلۡكُفۡرِ إِنَّهُمۡ لَآ أَيۡمَٰنَ لَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ
تو جنگ کرو | اماموں سے | کفر کے | بیشک وہ | نہیں | کوئی عہد | ان کے لئے | شاید کہ

يَنتَهُونَ ١٢ أَلَا تُقَٰتِلُونَ قَوۡمٗا نَّكَثُوٓاْ أَيۡمَٰنَهُمۡ
وہ رک جائیں | 9:12 | کیا نہیں | تم جنگ کرو گے | ایک ایسی قوم سے | جنہوں نے توڑ دیا | اپنی قسموں کو

وَهَمُّواْ بِإِخۡرَاجِ ٱلرَّسُولِ وَهُم بَدَءُوكُمۡ أَوَّلَ مَرَّةٍۚ
اور انہوں نے ارادہ کیا | نکالنے کا | رسول کو | اور انہوں نے | ابتداء کی تھی تمہارے ساتھ | پہلی | مرتبہ

أَتَخۡشَوۡنَهُمۡۚ فَٱللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخۡشَوۡهُ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ ١٣
کیا تم ڈرتے ہو ان سے | تو اللہ تعالیٰ | زیادہ حق دار ہے | کہ | تم ڈرو اس سے | اگر | ہو تم | ایمان لانے والے | 9:13

۷. مشرکوں کے لئے عہد اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک کیسے رہ سکتا ہے سوائے ان کے جن سے تم نے عہد و پیمان مسجد حرام کے پاس کیا جب تک وہ لوگ تم سے معاہدہ نبھائیں تم بھی ان سے وفاداری کرو، اللہ تعالیٰ متقیوں سے محبت رکھتا ہے۔

۸. ان کے وعدوں کا کیا اعتبار ان کا اگر تم پر غلبہ ہو جائے تو نہ یہ قرابت داری کا خیال کریں نہ عہد و پیمان کا، اپنی زبانوں سے تمہیں پرچا رہے ہیں لیکن ان کے دل نہیں مانتے ان میں اکثر فاسق ہیں۔

۹. انہوں نے اللہ کی آیتوں کو بہت کم قیمت پر بیچ دیا اور اس کی راہ سے روکا بہت برا ہے جو یہ کر رہے ہیں۔

۱۰. یہ تو کسی مسلمان کے حق میں کسی رشتہ داری کا یا عہد کا مطلق لحاظ نہیں کرتے، یہ ہیں ہی حد سے گزرنے والے

۱۱. اب بھی اگر یہ توبہ کرلیں اور نماز کے پابند ہوجائیں اور زکوۃ دیتے رہیں تو تمہارے دینی بھائی ہیں۔ ہم تو جاننے والوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر رہے ہیں۔

۱۲. اگر یہ لوگ عہد و پیمان کے بعد بھی اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہارے دین میں طعنہ زنی کریں تو تم بھی ان سرداران کفر سے بھڑ جاؤ۔ ان کی قسمیں کوئی چیز نہیں ممکن ہے کہ اس طرح وہ بھی باز آجائیں۔

۱۳. تم ان لوگوں کی سرکوبی کے لئے کیوں تیار نہیں ہوتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ دیا اور پیغمبر کو جلا وطن کرنے کی فکر میں ہیں اور خود ہی اول بار انہوں نے تم سے چھیڑ کی ہے، کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ اللہ ہی زیادہ مستحق ہے کہ تم اس کا ڈر رکھو بشرطیکہ تم ایمان والے ہو۔

قَٰتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ ٱللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ
جنگ کرو ان سے | عذاب دے گا ان کو | اللہ | ساتھ تمہارے ہاتھوں کے | اور رسوا کرے گا ان کو | اور مدد کرے گا تمہاری

عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ
ان کے خلاف | اور شفا دے گا۔ ٹھنڈا کردے گا | سینوں کو | قوم | مومن (قوم) کے | 9:14 | اور لے جائے گا | غصہ

قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ ٱللَّهُ عَلَىٰ مَن يَشَآءُ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾
ان کے دلوں کا | اور مہربان ہوگا | اللہ | پر | جس (پر) | چاہے گا | اور اللہ | علم والا ہے | حکمت والا ہے | 9:15

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تُتْرَكُوا۟ وَلَمَّا يَعْلَمِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ جَٰهَدُوا۟ مِنكُمْ
کیا | سمجھ رکھا ہے تم نے | کہ | تم چھوڑ دیے جاؤ گے | حالانکہ نہیں | جانا | اللہ نے | ان لوگوں کو | جنہوں نے جہاد کیا | تم میں سے

وَلَمْ يَتَّخِذُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَلَا رَسُولِهِۦ وَلَا ٱلْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ
اور نہیں | انہوں نے بنایا | سوا | اللہ کے | اور سوا | اور اس کے رسول کے (سوا) | اور سوا | اور مومنوں کے سوا (کسی کو) | ولی دوست

وَٱللَّهُ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَن يَعْمُرُوا۟ مَسَٰجِدَ
اور اللہ | خبر رکھنے والا ہے | ساتھ اس کے جو | تم عمل کرتے ہو | 9:16 | نہیں | ہے | مشرکین کے لئے | کہ | وہ آباد کریں | مساجد کو

ٱللَّهِ شَٰهِدِينَ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِم بِٱلْكُفْرِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ حَبِطَتْ
اللہ کی | گواہ بنتے ہوئے | کے خلاف | اپنے نفسوں (کے خلاف) | کفر کے ساتھ | یہ لوگ | ضائع ہوگئے

أَعْمَٰلُهُمْ وَفِى ٱلنَّارِ هُمْ خَٰلِدُونَ ﴿١٧﴾ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَٰجِدَ
ان کے اعمال | اور میں | آگ (میں) | وہ | ہمیشہ رہنے والے ہیں | 9:17 | بیشک | آباد کرتے ہیں | مسجدوں کو

ٱللَّهِ مَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ وَأَقَامَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَى
اللہ کی | جو | ایمان لائیں | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر | اور قائم کریں | نماز | اور ادا کریں

ٱلزَّكَوٰةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا ٱللَّهَ ۖ فَعَسَىٰٓ أُو۟لَٰٓئِكَ أَن يَكُونُوا۟ مِنَ
زکوۃ | اور نہ | ڈریں | سوائے | اللہ کے | تو امید ہے | یہ لوگ | کہ | وہ ہوں | سے

ٱلْمُهْتَدِينَ ﴿١٨﴾ ۞ أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ ٱلْحَآجِّ وَعِمَارَةَ ٱلْمَسْجِدِ (٣/٤ الحزب ١٩)
ہدایت پانے والوں میں سے | 9:18 | کیا بنا لیا تم نے | پانی پلانا | حاجیوں کو | اور آباد کرنا | مسجد

ٱلْحَرَامِ كَمَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ وَجَٰهَدَ فِى سَبِيلِ
حرام کو | مانند اس شخص کے | جو ایمان لایا | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر | اور اس نے جہاد کیا | میں | راستے میں

ٱللَّهِ ۚ لَا يَسْتَوُۥنَ عِندَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ
اللہ کے | نہیں | وہ برابر ہوسکتے | نزدیک | اللہ کے | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | ظالم (قوم کو)

﴿١٩﴾ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَهَاجَرُوا۟ وَجَٰهَدُوا۟ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ بِأَمْوَٰلِهِمْ
9:19 | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے ہجرت کی | اور جہاد کیا | میں | راستے | اللہ کے | اپنے مالوں کے ساتھ

وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً عِندَ ٱللَّهِ ۚ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَآئِزُونَ ﴿٢٠﴾
اور اپنے نفسوں کے ساتھ | زیادہ بڑے ہیں | درجے میں | نزدیک | اللہ کے | اور یہی لوگ | وہ | کامیاب ہونے والے ہیں | 9:20

١٤. ان سے تم جنگ کرو اللہ تعالیٰ انہیں تمہارے ہاتھوں عذاب دے گا، انہیں ذلیل اور رسوا کرے گا، تمہیں ان پر مدد دے گا اور مسلمانوں کے کلیجے ٹھنڈے کرے گا۔

١٥. اور ان کے دل کا غم و غصہ دور کرے گا اور جس کی طرف چاہتا ہے رحمت سے توجہ فرماتا ہے، اللہ جانتا بوجھتا حکمت والا ہے۔

١٦. کیا تم سمجھ بیٹھے ہو کہ تم چھوڑ دیئے جاؤ گے حالانکہ اب تک اللہ نے تم میں سے انہیں ممتاز نہیں کیا جو مجاہد ہیں اور جنہوں نے اللہ کے اور رسول کے اور مومنوں کے سوا کسی کو ولی دوست نہیں بنایا، اللہ خوب خبردار ہے جو تم کر رہے ہو۔

١٧. لائق نہیں کہ مشرک اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں۔ درآں حالیکہ وہ خود اپنے کفر کے آپ ہی گواہ ہیں، ان کے اعمال غارت و اکارت ہیں اور وہ دائمی طور پر جہنمی ہیں۔

١٨. اللہ کی مسجدوں کی رونق و آبادی تو ان کے حصے میں ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہوں، نمازوں کے پابند ہوں، زکوۃ دیتے ہوں، اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرتے ہوں، توقع ہے یہی لوگ یقیناً ہدایت یافتہ ہیں۔

١٩. کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلا دینا اور مسجد حرام کی خدمت کرنا اس کے برابر کر دیا جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہ اللہ کے نزدیک برابر کے نہیں اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔

٢٠. جو لوگ ایمان لائے، ہجرت کی، اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کیا وہ اللہ کے ہاں بہت بڑے مرتبہ والے ہیں، اور یہی لوگ مراد پانے والے ہیں۔

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنَّاتٍ لَّهُمْ فِيهَا
خوش خبری دیتا ہے ان کو | ان کا رب | ساتھ رحمت کے | اپنی طرف | اور رضا مندی کی | اور باغات کی | ان کے لئے | ان میں

نَعِيمٌ مُّقِيمٌ ﴿٢١﴾ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ
نعمتیں ہیں | دائمی - پائیدار - قائم رہنے والی | 9:21 | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | ہمیشہ ہمیشہ | بیشک | اللہ تعالیٰ | اس کے پاس | اجر ہے

عَظِيمٌ ﴿٢٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا آبَاءَكُمْ
بڑا | 9:22 | اے | لوگو! | جو ایمان لائے ہو | نہ | تم بناؤ | اپنے باپوں کو

وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيمَانِ ۚ
اور اپنے بھائیوں کو | دوست | اگر | وہ ترجیح دیں - زیادہ محبوب رکھیں | کفر کو | پر | ایمان (پر)

وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٢٣﴾ قُلْ إِن
اور جو کوئی | دوست بنائے گا ان کو | تم میں سے | تو یہی لوگ ہیں | وہ | جو ظالم ہیں | 9:23 | کہہ دیجئے | اگر

كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ
ہیں | تمہارے باپ | اور تمہارے بیٹے | اور تمہارے بھائی | اور تمہاری بیویاں

وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ
اور تمہارے خاندان | اور مال | کمایا تم نے ان کو | اور تجارت | تم ڈرتے ہو

كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ
اس کے گھاٹے سے | اور گھر | تم پسند کرتے ہو ان کو | زیادہ پیارے ہیں | تمہاری طرف | سے | اللہ (سے بڑھ کر)

وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ
اور اس کے رسول سے | اور جہاد سے | میں | اس کے راستے (میں) | تو انتظار کرو | یہاں تک کہ | لے آئے | اللہ

بِأَمْرِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ نَصَرَكُمُ
اپنا فیصلہ | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں کو | فاسق (لوگوں کو) | 9:24 | البتہ تحقیق | مدد کی تمہاری

اللَّهُ فِي مَوَاطِنَ كَثِيرَةٍ ۙ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ
اللہ نے | میں | مواقع پر | بہت سے | اور (خصوصا) دن | حنین کے | جب | پسند آئی تم کو - اچھی لگی تم کو

كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ
کثرت تمہاری | پس نہ | کام آیا | تم کو | کچھ بھی | اور تنگ ہوگئی | تم پر

الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُم مُّدْبِرِينَ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ أَنزَلَ اللَّهُ
زمین | باوجود اس کے کہ | وہ کشادہ ہے | پھر | پھرگئے تم | پیٹھ پھیر کر | 9:25 | پھر | اتاری | اللہ نے

سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنزَلَ جُنُودًا
اپنی سکینت | پر | اپنے رسول | اور پر | مومنوں (پر) | اور اتارے | لشکر

لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ﴿٢٦﴾
نہیں تم نے دیکھا ان کو | اور عذاب دیا | ان لوگوں کو | جنہوں نے کفر کیا | اور یہی ہے | بدلہ | کافروں کا | 9:26

۲۱. انہیں ان کا رب خوشخبری دیتا ہے اپنی رحمت کی اور رضامندی کی اور جنتوں کی، ان کے لئے وہاں دوامی نعمت ہے۔

۲۲. وہاں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں اللہ کے پاس یقیناً بہت بڑے ثواب ہیں۔

۲۳. اے ایمان والو! اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ کفر کو ایمان سے زیادہ عزیز رکھیں۔ تم میں سے جو بھی ان سے محبت رکھے گا وہ پورا گنہگار ظالم ہے۔

۲۴. آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے لڑکے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے کنبے قبیلے اور تمہارے کمائے ہوئے مال اور وہ تجارت جس کی کمی سے تم ڈرتے ہو اور وہ حویلیاں جنہیں تم پسند کرتے ہو اگر یہ تمہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ کے جہاد سے بھی زیادہ عزیز ہیں، تو تم انتظار کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنا عذاب لے آئے اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

۲۵. یقیناً اللہ تعالیٰ نے بہت سے میدانوں میں تمہیں فتح دی ہے اور حنین کی لڑائی والے دن بھی جب کہ تمہیں اپنی کثرت پر ناز ہوگیا تھا، لیکن وہ تمہیں کوئی فائدہ نہ دیا بلکہ زمین باوجود اپنی کشادگی کے تم پر تنگ ہوگئی پھر تم پیٹھ پھیر کر مڑ گئے۔

۲۶. پھر اللہ نے اپنی طرف کی تسکین اپنے نبی پر اور مومنوں پر اتاری اور اپنے لشکر بھیجے جنہیں تم دیکھ نہیں رہے تھے اور کافروں کو پوری سزا دی۔ ان کفار کا یہی بدلہ تھا۔

ثُمَّ يَتُوبُ ٱللَّهُ مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ عَلَىٰ مَن يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ
پھر | مہربان ہوتا ہے | اللہ | بعد | اس کے | پر | جس | وہ چاہتا ہے | اور اللہ

غَفُورٞ رَّحِيمٞ ٢٧ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِنَّمَا ٱلۡمُشۡرِكُونَ
بخشنے والا | مہربان ہے | 9:27 | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | بیشک | مشرکین

نَجَسٞ فَلَا يَقۡرَبُواْ ٱلۡمَسۡجِدَ ٱلۡحَرَامَ بَعۡدَ عَامِهِمۡ هَٰذَاۚ
ناپاک ہیں | تو نہ | وہ قریب آئیں | مسجد | حرام کے | بعد | اپنے اس سال کے | اس

وَإِنۡ خِفۡتُمۡ عَيۡلَةٗ فَسَوۡفَ يُغۡنِيكُمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦٓ
اور اگر | خوف ہو تم کو | مفلسی کا | تو عنقریب | غنی کردے گا تم کو | اللہ | سے | اپنے فضل (سے)

إِن شَآءَۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٞ ٢٨ قَٰتِلُواْ ٱلَّذِينَ
اگر | وہ چاہے - اس نے چاہا | بیشک | اللہ تعالیٰ | علم والا ہے | حکمت والا ہے | 9:28 | جنگ کرو | ان لوگوں سے

لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَلَا بِٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ
نہیں | جو ایمان رکھتے | اللہ پر | اور نہ | یوم | آخرت پر | اور نہیں | وہ حرام ٹھہراتے

مَا حَرَّمَ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ ٱلۡحَقِّ مِنَ
جو | حرام کیا | اللہ نے | اور اس کے رسول نے | اور نہیں | دین بناتے | دین | حق کو | سے

ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ حَتَّىٰ يُعۡطُواْ ٱلۡجِزۡيَةَ عَن يَدٖ
ان لوگوں میں سے | جو دیے گئے | کتاب | یہاں تک کہ | وہ دے دیں | جزیہ | سے | ہاتھ (سے)

وَهُمۡ صَٰغِرُونَ ٢٩ وَقَالَتِ ٱلۡيَهُودُ عُزَيۡرٌ ٱبۡنُ ٱللَّهِ
اس حال میں کہ وہ | چھوٹے بن کر رہیں - ذلیل ہوں | 9:29 | اور کہا | یہود نے | عزیر | بیٹے ہیں | اللہ کے

وَقَالَتِ ٱلنَّصَٰرَى ٱلۡمَسِيحُ ٱبۡنُ ٱللَّهِۖ ذَٰلِكَ قَوۡلُهُم
اور کہا | نصاری نے | مسیح | بیٹے ہیں | اللہ کے | یہ | ان کا کہنا ہے

بِأَفۡوَٰهِهِمۡۖ يُضَٰهِـُٔونَ قَوۡلَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِن قَبۡلُۚ
ان کے مونہوں سے | مشابہت پیدا کررہے ہیں | بات سے | ان لوگوں کی | جنہوں نے کفر کیا سے | اس سے پہلے

قَٰتَلَهُمُ ٱللَّهُۖ أَنَّىٰ يُؤۡفَكُونَ ٣٠ ٱتَّخَذُوٓاْ أَحۡبَارَهُمۡ
کہ ان پر مار ہو | اللہ کی | کہاں سے | وہ پھیرے جاتے ہیں | 9:30 | انہوں نے بنالیا | اپنے علماء کو

وَرُهۡبَٰنَهُمۡ أَرۡبَابٗا مِّن دُونِ ٱللَّهِ وَٱلۡمَسِيحَ ٱبۡنَ
اور اپنے درویشوں کو | رب | سوا | اللہ کے | اور مسیح | ابن

مَرۡيَمَ وَمَآ أُمِرُوٓاْ إِلَّا لِيَعۡبُدُوٓاْ إِلَٰهٗا وَٰحِدٗاۖ
مریم | حالانکہ نہیں | وہ حکم دئے گئے | مگر | یہ کہ وہ عبادت کریں | الہ کی | ایک

لَّآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۚ سُبۡحَٰنَهُۥ عَمَّا يُشۡرِكُونَ ٣١
نہیں | کوئی الہ | مگر | وہ | پاک ہے وہ اس سے | اس سے | جس کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں | 9:31

۲۷. پھر اس کے بعد بھی جس پر چاہے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی توجہ فرمائے گا، اللہ ہی بخشش و مہربانی کرنے والا ہے۔

۲۸. اے ایمان والو! بیشک مشرک بالکل ہی ناپاک ہیں، وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے پاس بھی نہ پھٹکنے پائیں، اگر تمہیں مفلسی کا خوف ہے تو اللہ تمہیں دولت مند کر دے گا اپنے فضل سے اگر چاہے، اللہ علم و حکمت والا ہے۔

۲۹. ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے جو اللہ اور اس کے رسول کی حرام کردہ شے کو حرام نہیں جانتے، نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں ان لوگوں میں سے جنہیں کتاب دی گئی ہے، یہاں تک کہ وہ ذلیل و خوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔

۳۰. یہود کہتے ہیں عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور نصرانی کہتے ہیں مسیح اللہ کا بیٹا ہے یہ قول صرف ان کے منہ کی بات ہے۔ اگلے منکروں کی بات کی یہ بھی نقل کرنے لگے اللہ انہیں غارت کرے وہ کیسے پلٹائے جاتے ہیں۔

۳۱. ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے عالموں اور درویشوں کو رب بنایا ہے اور مریم کے بیٹے مسیح کو حالانکہ انہیں صرف ایک اکیلے اللہ ہی کی عبادت کا حکم دیا گیا تھا جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ پاک ہے ان کے شریک مقرر کرنے سے۔

يُرِيدُونَ أَن يُطْفِـُٔوا۟ نُورَ ٱللَّهِ بِأَفْوَٰهِهِمْ وَيَأْبَى ٱللَّهُ إِلَّآ أَن
وہ چاہتے ہیں | کہ | وہ بجھا دیں | نور کو | اللہ کے | اپنے مونہوں سے | اور انکار کرتا ہے | اللہ | مگر | یہ کہ

يُتِمَّ نُورَهُۥ وَلَوْ كَرِهَ ٱلْكَـٰفِرُونَ ﴿٣٢﴾ هُوَ ٱلَّذِىٓ أَرْسَلَ
پورا کرے | اپنے نور کو | اور اگرچہ | ناپسند کریں | کافر لوگ | ۹:۳۲ | وہ اللہ | وہ ذات ہے | جس نے بھیجا

رَسُولَهُۥ بِٱلْهُدَىٰ وَدِينِ ٱلْحَقِّ لِيُظْهِرَهُۥ عَلَى ٱلدِّينِ
اپنے رسول کو | ہدایت کے ساتھ | اور دین | حق کے | تاکہ وہ غالب کردے اس کو | پر | دین پر

الحزب ٢٠
كُلِّهِۦ وَلَوْ كَرِهَ ٱلْمُشْرِكُونَ ﴿٣٣﴾ ۞ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
سارے کے سارے اس کے | اور اگرچہ | ناپسند کریں | مشرک | ۹:۳۳ | اے | لوگو!

ءَامَنُوٓا۟ إِنَّ كَثِيرًا مِّنَ ٱلْأَحْبَارِ وَٱلرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ
جو ایمان لائے ہو | بیشک | بہت سے | سے | علماء میں سے | اور درویشوں میں سے | البتہ کھاتے ہیں

أَمْوَٰلَ ٱلنَّاسِ بِٱلْبَـٰطِلِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۗ وَٱلَّذِينَ
مال | لوگوں کے | باطل طریقے پر | اور وہ روکتے ہیں | سے | راستے | اللہ کے | اور وہ لوگ

يَكْنِزُونَ ٱلذَّهَبَ وَٱلْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِى
جو جمع کرتے ہیں | سونا | اور چاندی | اور نہیں | وہ خرچ کرتے اس کو | میں

سَبِيلِ ٱللَّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا
راستے | اللہ کے | پس خوش خبری دے دو ان کو | عذاب کی | دردناک | ۹:۳۴ | جس دن | تپایا جائے گا | اس پر

فِى نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ
میں | آگ | جہنم کی | پھر داغا جائے گا | ساتھ اس کے | ان کی پیشانیوں کو | اور ان کے پہلوؤں کو

وَظُهُورُهُمْ ۖ هَـٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُوا۟ مَا كُنتُمْ
اور ان کی پیٹھوں کو | یہ ہے | جو | جمع کیا تم نے | اپنے نفسوں کے لئے | پس چکھو | جو | تھے تم

تَكْنِزُونَ ﴿٣٥﴾ إِنَّ عِدَّةَ ٱلشُّهُورِ عِندَ ٱللَّهِ ٱثْنَا عَشَرَ
تم سمیٹتے - جمع کرتے | ۹:۳۵ | بیشک | تعداد - گنتی | مہینوں کی | نزدیک | اللہ کے | بارہ

شَهْرًا فِى كِتَـٰبِ ٱللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ مِنْهَآ
مہینے ہے | میں | کتاب | اللہ کی | جس دن اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | ان میں سے

أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ ٱلدِّينُ ٱلْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا۟ فِيهِنَّ
چار | حرمت والے | یہ | دین | درست | پس نہ | تم ظلم کرو | ان میں

أَنفُسَكُمْ ۚ وَقَـٰتِلُوا۟ ٱلْمُشْرِكِينَ كَآفَّةً كَمَا
اپنے نفسوں پر | اور جنگ کرو | مشرکین سے | سب کے سب | جیسا کہ

يُقَـٰتِلُونَكُمْ كَآفَّةً ۚ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلْمُتَّقِينَ ﴿٣٦﴾
وہ جنگ کرتے ہیں تم سے | سب کے سب - اکٹھے ہو کر | اور جان لو | بیشک | اللہ تعالیٰ | ساتھ ہے | تقوی والوں کے | ۹:۳۶

۳۲. وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ سے بجھا دیں اور اللہ تعالیٰ انکاری ہے مگر اسی بات کا کہ اپنا نور پورا کرے گو کافر ناخوش رہیں

۳۳. اسی نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے کہ اسے اور تمام مذہبوں پر غالب کر دے اگرچہ مشرک برا مانیں۔

۳۴. اے ایمان والو! اکثر علماء اور عابد، لوگوں کا مال ناحق کھا جاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روک دیتے ہیں، اور جو لوگ سونا چاندی کا خزانہ رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں دردناک عذاب کی خبر پہنچا دیجئے۔

۳۵. جس دن اس خزانے کو آتش دوزخ میں تپایا جائے گا پھر اس دن ان کی پیشانیاں اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی (ان سے کہا جائے گا) یہ ہے جسے تم نے اپنے لئے خزانہ بنا رکھا تھا، پس اپنے خزانوں کا مزہ چکھو۔

۳۶. مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک کتاب اللہ میں بارہ کی ہے، اسی دن سے جب سے آسمان و زمین کو پیدا کیا ہے ان میں سے چار حرمت و ادب کے ہیں، یہی درست دین ہے، تم ان مہینوں میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو، اور تم تمام مشرکوں سے جہاد کرو جیسے کہ وہ تم سب سے لڑتے ہیں، اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کے ساتھ ہے۔

إِنَّمَا ٱلنَّسِيٓءُ زِيَادَةٞ فِي ٱلۡكُفۡرِۖ يُضَلُّ بِهِ ٱلَّذِينَ
بیشک | نسی | اضافہ ہے | میں | کفر | گمراہ کئے جاتے ہیں اس سے | وہ لوگ

كَفَرُواْ يُحِلُّونَهُۥ عَامٗا وَيُحَرِّمُونَهُۥ عَامٗا لِّيُوَاطِـُٔواْ
جنہوں نے کفر کیا | وہ حلال کرتے ہیں اس کو | ایک سال | اور حرام کرتے ہیں اس کو | ایک سال | تاکہ موافق کرلیں

عِدَّةَ مَا حَرَّمَ ٱللَّهُ فَيُحِلُّواْ مَا حَرَّمَ ٱللَّهُۚ زُيِّنَ لَهُمۡ
گنتی | جو | حرام قرار دی | اللہ نے | پس وہ حلال کریں | جو | حرام کیا | اللہ نے | خوبصورت بنا دئے گئے | ان کے لئے

سُوٓءُ أَعۡمَٰلِهِمۡۗ وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡكَٰفِرِينَ
برے | ان کے اعمال | اور اللہ تعالیٰ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | کافر (قوم کو)

٣٧ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَا لَكُمۡ إِذَا قِيلَ لَكُمُ
9:37 | اے | لوگو! | جو ایمان لائے ہو | کیا ہے | تم کو | جب | کہا گیا | تم سے

ٱنفِرُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ ٱثَّاقَلۡتُمۡ إِلَى ٱلۡأَرۡضِۚ أَرَضِيتُم
نکلو | میں | راستے | اللہ کے | تم بوجھ سے جھک گئے | کی طرف | زمین (کی طرف) | کیا راضی ہوگئے تم

بِٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا مِنَ ٱلۡأٓخِرَةِۚ فَمَا مَتَٰعُ ٱلۡحَيَوٰةِ
زندگی پر | دنیا کی | سے | آخرت سے (مقابلے میں) | تو نہیں | سامان | زندگی کا

ٱلدُّنۡيَا فِي ٱلۡأٓخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ٣٨ إِلَّا تَنفِرُواْ يُعَذِّبۡكُمۡ
دنیا کی | میں | آخرت (کے مقابلے میں) | مگر | بہت تھوڑا | 9:38 | اگر نہیں | تم نکلو گے | عذاب دے گا تم کو

عَذَابًا أَلِيمٗا وَيَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ وَلَا تَضُرُّوهُ
عذاب | دردناک | اور بدل دے گا | ایک قوم کو | تمہارے علاوہ | اور نہیں | تم نقصان دے سکتے اس کو

شَيۡـٔٗاۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ ٣٩ إِلَّا تَنصُرُوهُ
کچھ بھی | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قدرت رکھنے والا ہے | 9:39 | اگر نہیں | تم مدد کرو گے اس کی

فَقَدۡ نَصَرَهُ ٱللَّهُ إِذۡ أَخۡرَجَهُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ثَانِيَ ٱثۡنَيۡنِ
توتحقیق | مدد کی اس کی | اللہ نے | جب | نکالا اس کو | ان لوگوں نے | جنہوں نے کفر کیا | دو | دو میں سے

إِذۡ هُمَا فِي ٱلۡغَارِ إِذۡ يَقُولُ لِصَٰحِبِهِۦ لَا تَحۡزَنۡ إِنَّ ٱللَّهَ
جب تھے | وہ دونوں | میں | غار میں | جب | کہہ رہا تھا | اپنے ساتھی سے | نہ | تم غم نہ کرو | بیشک | اللہ تعالیٰ

مَعَنَاۖ فَأَنزَلَ ٱللَّهُ سَكِينَتَهُۥ عَلَيۡهِ وَأَيَّدَهُۥ بِجُنُودٖ
ہمارے ساتھ ہے | تو اتاری | اللہ نے | اپنی سکینت | اس پر | اور تائید کی اس کی | لشکروں کے سے

لَّمۡ تَرَوۡهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلسُّفۡلَىٰۗ
نہیں | تم نے دیکھا ان کو | اور کردیا | بات کو | ان لوگوں کی | جنہوں نے کفر کیا | نیچا

وَكَلِمَةُ ٱللَّهِ هِيَ ٱلۡعُلۡيَاۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ٤٠
اور بات | اللہ کی | وہی | بلند ہے | اور اللہ | زبردست ہے | حکمت والا ہے | 9:40

۳۷. مہینوں کا آگے پیچھے کر دینا کفر کی زیادتی ہے (۱) اس سے وہ لوگ گمراہی میں ڈالے جاتے ہیں جو کافر ہیں۔ ایک سال تو اسے حلال کر لیتے ہیں اور ایک سال اسی کو حرمت والا کر لیتے ہیں، کہ اللہ نے جو حرمت رکھی ہے اس کے شمار میں تو موافقت کرلیں، پھر اسے حلال بنالیں جسے اللہ نے حرام کیا ہے انہیں ان کے برے کام بھلے دکھائی دیئے گئے ہیں اور قوم کفار کی اللہ رہنمائی نہیں فرماتا۔

۳۸. اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ چلو اللہ کے راستے میں کوچ کرو تو تم زمین سے لگے جاتے ہو۔ کیا تم آخرت کے عوض دنیا کی زندگانی پر ریجھ گئے ہو۔ سنو! دنیا کی زندگی تو آخرت کے مقابلے میں کچھ یونہی سی ہے۔

۳۹. اگر تم نے کوچ نہ کیا تو تمہیں اللہ تعالیٰ دردناک سزا دے گا اور تمہارے سوا اور لوگوں کو بدل لائے گا، تم اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے، اور اللہ ہرچیز پر قادر ہے۔

۴۰. اگر تم ان (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد نہ کرو تو اللہ ہی نے ان کی مدد کی اس وقت جبکہ انہیں کافروں نے (دیس سے) نکال دیا تھا، دو میں سے دوسرا جبکہ وہ دونوں غار میں تھے جب یہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے کہ غم نہ کر اللہ ہمارے ساتھ ہے، پس جناب باری نے اپنی طرف سے تسکین اس پر نازل فرما کر ان لشکروں سے اس کی مدد کی جنہیں تم نے دیکھا ہی نہیں اس نے کافروں کی بات پست کردی اور بلند و عزیز تو اللہ کا کلمہ ہی ہے، اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

انفِرُواْ خِفَافٗا وَثِقَالٗا وَجَٰهِدُواْ بِأَمۡوَٰلِكُمۡ وَأَنفُسِكُمۡ
نکلو | ہلکے | اور بوجھل | اور جہاد کرو | اپنے مالوں کے سے | اور اپنے نفسوں کے سے

فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ
میں | راستے | اللہ کے | یہ بات | بہتر ہے | تمہارے لئے | اگر | ہو تم | تم جانتے

(٤١) لَوۡ كَانَ عَرَضٗا قَرِيبٗا وَسَفَرٗا قَاصِدٗا لَّٱتَّبَعُوكَ
9:41 | اگر | ہوتا | سامان | قریب | اور سفر | قریب کا ۔ درمیانے درجے کا | البتہ پیروی کرتے تیری

وَلَٰكِنۢ بَعُدَتۡ عَلَيۡهِمُ ٱلشُّقَّةُۚ وَسَيَحۡلِفُونَ بِٱللَّهِ
اور لیکن | دور ہوگئی | ان پر | مسافت | اور عنقریب وہ قسمیں کھائیں گے | اللہ کی

لَوِ ٱسۡتَطَعۡنَا لَخَرَجۡنَا مَعَكُمۡ يُهۡلِكُونَ أَنفُسَهُمۡ وَٱللَّهُ
اگر | استطاعت رکھتے ہم | البتہ نکلتے ہم | تمہارے ساتھ | وہ ہلاکت میں ڈال رہے ہیں | اپنے نفسوں کو | اور اللہ

يَعۡلَمُ إِنَّهُمۡ لَكَٰذِبُونَ (٤٢) عَفَا ٱللَّهُ عَنكَ لِمَ أَذِنتَ لَهُمۡ
جانتا ہے | بیشک وہ | البتہ جھوٹے ہیں | 9:42 | معاف کرے | اللہ | آپ کو | کیوں | اجازت دی آپ نے | ان کے لئے

حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكَ ٱلَّذِينَ صَدَقُواْ وَتَعۡلَمَ ٱلۡكَٰذِبِينَ
یہاں تک کہ | وہ ظاہر ہوجائے | آپ کے لئے | وہ لوگ | جنہوں نے سچ کہا | اور آپ جان لیتے | ان کو جو جھوٹے ہیں

(٤٣) لَا يَسۡتَـٔۡذِنُكَ ٱلَّذِينَ يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ أَن
9:43 | نہیں | اجازت مانگیں گے آپ سے | وہ لوگ | جو ایمان لاتے ہیں | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر | کہ

يُجَٰهِدُواْ بِأَمۡوَٰلِهِمۡ وَأَنفُسِهِمۡۗ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِٱلۡمُتَّقِينَ (٤٤)
وہ جہاد کریں | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنی جانوں کے ساتھ | اور اللہ | جاننے والا ہے | تقوی والوں کو | 9:44

إِنَّمَا يَسۡتَـٔۡذِنُكَ ٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ
بیشک | اجازت مانگتے ہیں آپ سے | وہ لوگ | نہیں | وہ ایمان رکھتے | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر

١/٤ الحزب ٢٠
وَٱرۡتَابَتۡ قُلُوبُهُمۡ فَهُمۡ فِي رَيۡبِهِمۡ يَتَرَدَّدُونَ (٤٥) ۞ وَلَوۡ
اور شک میں پڑے ہوئے ہیں | دل ان کے | پس وہ | میں | اپنے شک میں | آتے جاتے ہیں | 9:45 | اور اگر

أَرَادُواْ ٱلۡخُرُوجَ لَأَعَدُّواْ لَهُۥ عُدَّةٗ وَلَٰكِن كَرِهَ ٱللَّهُ ٱنۢبِعَاثَهُمۡ
وہ ارادہ کرتے | نکلنے کا | البتہ تیاری کرتے | اس کے لیے | تیاری کرنا | اور لیکن | ناپسند کیا | اللہ نے | ان کا اٹھنا

فَثَبَّطَهُمۡ وَقِيلَ ٱقۡعُدُواْ مَعَ ٱلۡقَٰعِدِينَ (٤٦) لَوۡ خَرَجُواْ فِيكُم
تو اس نے روک دیا ان کو | اور کہا گیا | بیٹھ جاؤ | ساتھ | بیٹھنے والوں کے | 9:46 | اگر | وہ نکلتے | تم میں

مَّا زَادُوكُمۡ إِلَّا خَبَالٗا وَلَأَوۡضَعُواْ خِلَٰلَكُمۡ يَبۡغُونَكُمُ
نہ | زیادہ کرتے تم کو | مگر | فساد میں | اور البتہ وہ خوب دوڑاتے | درمیان تمہارے | تلاش کرتے تم میں

ٱلۡفِتۡنَةَ وَفِيكُمۡ سَمَّٰعُونَ لَهُمۡۗ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِٱلظَّٰلِمِينَ (٤٧)
فتنہ | اور تمہارے اندر | سننے والے ہیں | ان کے لئے | اور اللہ تعالی | خوب جاننے والا ہے | ظالموں کو | 9:47

٤١. نکل کھڑے ہو جاؤ ہلکے پھلکے ہو تو بھی اور بھاری بھرکم ہو تو بھی اور راہ رب میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔

٤٢. اگر جلد وصول ہونے والا مال و اسباب ہو یا اور ہلکا سا سفر ہوتا تو یہ ضرور آپ کے پیچھے ہو لیتے لیکن ان پر تو دوری اور دراز کی مشکل پڑ گئی۔ اب تو یہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم میں قوت اور طاقت ہوتی تو ہم یقیناً آپ کے ساتھ نکلتے، یہ اپنی جانوں کو خود ہی ہلاکت میں ڈال رہے ہیں اور ان کے جھوٹا ہونے کا سچا علم اللہ کو ہے۔

٤٣. اللہ تجھے معاف فرما دے، تو نے انہیں کیوں اجازت دے دی؟ بغیر اس کے کہ تیرے سامنے سچے لوگ کھل جائیں اور تو جھوٹے لوگوں کو بھی جان لے۔

٤٤. اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان و یقین رکھنے والے مالی اور جانی جہاد سے رک رہنے کی کبھی بھی تجھ سے اجازت طلب نہیں کریں گے اور اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے۔

٤٥. یہ اجازت تو تجھ سے وہی طلب کرتے ہیں جنہیں نہ اللہ پر ایمان ہے نہ آخرت کے دن کا یقین ہے جن کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں اور وہ اپنے شک میں ہی سرگرداں ہیں۔

٤٦. اگر ان کا ارادہ جہاد کے لئے نکلنے کا ہوتا تو وہ اس سفر کے لئے سامان کی تیاری کر رکھتے لیکن اللہ کو ان کا اٹھنا پسند ہی نہ تھا اس لئے انہیں حرکت سے ہی روک دیا اور کہہ دیا گیا کہ تم بیٹھنے والوں کیساتھ بیٹھے رہو۔

٤٧. اگر یہ تم میں مل کر نکلتے بھی تو تمہارے لئے سوائے فساد کے اور کوئی چیز نہ بڑھاتے بلکہ تمہارے درمیان خوب گھوڑے دوڑا دیتے اور تم میں فتنے ڈالنے کی تلاش میں رہتے ان کے ماننے والے خود تم میں موجود ہیں اور اللہ ان ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

لَقَدِ ٱبْتَغَوُا۟ ٱلْفِتْنَةَ مِن قَبْلُ وَقَلَّبُوا۟ لَكَ ٱلْأُمُورَ حَتَّىٰ

البتہ تحقیق | انہوں نے تلاش کیا | فتنہ | سے | اس سے پہلے | اور الٹ پلٹ کیے | آپ کے لئے | سب معاملات | یہاں تک کہ

جَآءَ ٱلْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ ٱللَّهِ وَهُمْ كَـٰرِهُونَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْهُم

آگیا | حق | اور ظاہر ہوگیا | حکم | اللہ کا | اور وہ | ناپسند کرنے والے ہیں | ٩:٤٨ | اور ان میں سے

مَّن يَقُولُ ٱئْذَن لِّى وَلَا تَفْتِنِّىٓ ۚ أَلَا فِى ٱلْفِتْنَةِ سَقَطُوا۟ ۗ وَإِنَّ

کوئی ہے | جو کہتا ہے | اجازت دو | مجھ کو | اور نہ | فتنے میں ڈالو مجھ کو | خبردار | میں | فتنے (میں) | وہ پڑچکے ہیں | اور بیشک

جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌۢ بِٱلْكَـٰفِرِينَ ﴿٤٩﴾ إِن تُصِبْكَ

جہنم | البتہ گھیرنے والی ہے | کافروں کو | ٩:٤٩ | اگر | پہنچے تجھ کو

حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۖ وَإِن تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُوا۟ قَدْ

کوئی بھلائی | بری لگتی ہے ان کو | اور اگر | پہنچے تجھ کو | کوئی مصیبت | وہ کہتے ہیں | تحقیق

أَخَذْنَآ أَمْرَنَا مِن قَبْلُ وَيَتَوَلَّوا۟ وَّهُمْ فَرِحُونَ ﴿٥٠﴾ قُل

لے لیا ہم نے | اپنا معاملہ | اس سے پہلے | اور وہ منہ موڑ جاتے ہیں | اس حال میں کہ | خوش ہوتے ہیں | ٩:٥٠ | کہہ دیجئے

لَّن يُصِيبَنَآ إِلَّا مَا كَتَبَ ٱللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَىٰنَا ۚ وَعَلَى

ہرگز نہ | پہنچے گا ہم کو | مگر | جو | لکھ دیا | اللہ نے | ہمارے لئے | وہ | ہمارا مولا ہے | اور پر

ٱللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُؤْمِنُونَ ﴿٥١﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَآ إِلَّآ

اللہ پر | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان لانے والے | ٩:٥١ | کہہ دیجئے | نہیں | تم انتظار کرتے | ہمارے بارے میں | مگر

إِحْدَى ٱلْحُسْنَيَيْنِ ۖ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ أَن يُصِيبَكُمُ ٱللَّهُ

ایک کا | دو بھلائیوں (میں سے) | اور ہم | انتظار کررہے ہیں | تمہارے بارے میں | کہ | پہنچائے تم کو | اللہ

بِعَذَابٍ مِّنْ عِندِهِۦٓ أَوْ بِأَيْدِينَا ۖ فَتَرَبَّصُوٓا۟ إِنَّا مَعَكُم

کوئی عذاب | سے | اپنے پاس سے | یا | ہمارے ہاتھوں سے | پس انتظار کرو | بیشک ہم | تمہارے ساتھ

مُّتَرَبِّصُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ أَنفِقُوا۟ طَوْعًا أَوْ كَرْهًا لَّن يُتَقَبَّلَ

انتظار کرنے والے ہیں | ٩:٥٢ | کہہ دیجئے | خرچ کرو | خوشی سے | یا | ناخوشی سے | ہرگز نہیں | قبول کیا جائے گا

مِنكُمْ ۖ إِنَّكُمْ كُنتُمْ قَوْمًا فَـٰسِقِينَ ﴿٥٣﴾ وَمَا

تم سے | بیشک تم | ہو تم | لوگ | نافرمان | ٩:٥٣ | اور نہیں

مَنَعَهُمْ أَن تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقَـٰتُهُمْ إِلَّآ أَنَّهُمْ كَفَرُوا۟

روکا ان کو | کہ | قبول کیے جائیں | ان سے | ان کے مال | مگر اس بات سے کہ | بیشک انہوں نے | کفر کیا

بِٱللَّهِ وَبِرَسُولِهِۦ وَلَا يَأْتُونَ ٱلصَّلَوٰةَ إِلَّا وَهُمْ

اللہ کے ساتھ | اور اس کے رسول کے ساتھ | اور نہیں | وہ آتے | نماز کو | مگر | اس حال میں کہ وہ

كُسَالَىٰ وَلَا يُنفِقُونَ إِلَّا وَهُمْ كَـٰرِهُونَ ﴿٥٤﴾

سست ہوتے ہیں | اور نہیں | وہ خرچ کرتے ہیں | مگر | وہ | ناپسند کرتے ہیں | ٩:٥٤

۴۸. یہ تو اس سے پہلے بھی فتنے کی تلاش کرتے رہے ہیں اور تیرے لئے کاموں کو الٹ پلٹ کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ حق آپہنچا اور اللہ کا حکم غالب آگیا باوجودیکہ وہ ناخوشی میں ہی رہے۔

۴۹. ان میں سے کوئی تو کہتا ہے مجھے اجازت دیجئے مجھے فتنے میں نہ ڈالیئے، آگاہ رہو وہ فتنے میں پڑ چکے ہیں اور یقیناً دوزخ کافروں کو گھیر لینے والی ہے۔

۵۰. آپ کو اگر کوئی بھلائی مل جائے تو انہیں برا لگتا ہے اور کوئی برائی پہنچ جائے تو کہتے ہیں ہم نے اپنا معاملہ پہلے سے درست کر لیا تھا، مگر وہ تو بڑے ہی اتراتے ہوئے لوٹتے ہیں۔

۵۱. آپ کہہ دیجئے کہ ہمیں سوائے اللہ کے ہمارے حق میں لکھے ہوئے کے کوئی چیز پہنچ ہی نہیں سکتی وہ ہمارا کارساز اور مولیٰ ہے مومنوں کو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے

۵۲. کہہ دیجئے کہ تم ہمارے بارے میں جس چیز کا انتظار کر رہے ہو وہ دو بھلائیوں میں سے ایک ہے اور ہم تمہارے حق میں اس کا انتظار کرتے ہیں کہ یا اللہ تعالیٰ اپنے پاس سے کوئی سزا تمہیں دے یا ہمارے ہاتھوں سے، پس ایک طرف تم منتظر رہو دوسری جانب تمہارے ساتھ ہم بھی منتظر ہیں۔

۵۳. کہہ دیجئے کہ تم خوشی یا ناخوشی کسی طرح بھی خرچ کرو قبول تو ہرگز نہ کیا جائے گا، یقیناً تم فاسق لوگ ہو۔

۵۴. کوئی سبب ان کے خرچ کی قبولیت کے نہ ہونے کا اس کے سوا نہیں کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کے منکر ہیں اور بڑی کاہلی سے ہی نماز کو آتے ہیں اور برے دل سے ہی خرچ کرتے ہیں۔

فَلَا تُعۡجِبۡكَ أَمۡوَٰلُهُمۡ وَلَآ أَوۡلَٰدُهُمۡۚ إِنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم
پس نہ | تعجب میں ڈالیں آپ کو | مال ان کے | اور نہ | اولاد ان کی | بیشک | چاہتا ہے | اللہ | کہ عذاب دے ان کو

بِهَا فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا وَتَزۡهَقَ أَنفُسُهُمۡ وَهُمۡ كَٰفِرُونَ
اس کے ذریعے | میں | زندگی میں | دنیا کی | اور نکلیں | ان کی جانیں | اس حال میں کہ وہ | کافر ہوں

٥٥ وَيَحۡلِفُونَ بِٱللَّهِ إِنَّهُمۡ لَمِنكُمۡ وَمَا هُم مِّنكُمۡ وَلَٰكِنَّهُمۡ
9:55 | اور وہ قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | بیشک وہ | البتہ تم میں سے ہیں | حالانکہ نہیں | وہ | تم میں سے | لیکن وہ

قَوۡمٞ يَفۡرَقُونَ ٥٦ لَوۡ يَجِدُونَ مَلۡجَـًٔا أَوۡ مَغَٰرَٰتٍ أَوۡ مُدَّخَلٗا
لوگ ہیں | ڈرتے ہیں | 9:56 | اگر | وہ پائیں | کوئی جائے پناہ | یا | کھوہ - غار | یا | گھس بیٹھنے کی جگہ

لَّوَلَّوۡاْ إِلَيۡهِ وَهُمۡ يَجۡمَحُونَ ٥٧ وَمِنۡهُم مَّن يَلۡمِزُكَ فِي
البتہ بھاگ جائیں | اس کی طرف | اور وہ | سرکشی کرتے ہیں | 9:57 | اور ان میں سے | جو | الزام لگاتے ہیں آپ پر | میں

ٱلصَّدَقَٰتِ فَإِنۡ أُعۡطُواْ مِنۡهَا رَضُواْ وَإِن لَّمۡ يُعۡطَوۡاْ مِنۡهَآ إِذَا
صدقات کے بارے (میں) | پھر اگر | دیئے جائیں | اس میں سے | راضی ہوجائیں | اور اگر | نہیں | وہ دیئے جائیں | اس میں سے | جب

هُمۡ يَسۡخَطُونَ ٥٨ وَلَوۡ أَنَّهُمۡ رَضُواْ مَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ
وہ | ناراض ہوتے ہیں | 9:58 | اور اگر | بیشک وہ | وہ راضی ہوجاتیں | جو | دیا ان کو | اللہ نے | اور اس کے رسول نے

وَقَالُواْ حَسۡبُنَا ٱللَّهُ سَيُؤۡتِينَا ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦ وَرَسُولُهُۥٓ
اور وہ کہیں | کافی ہے ہم کو | اللہ | عنقریب دے گا ہم کو | اللہ | سے | اپنے فضل (سے) | اور اس کا رسول

٢/٤ الحزب ٢٠
إِنَّآ إِلَى ٱللَّهِ رَٰغِبُونَ ٥٩ ۞ إِنَّمَا ٱلصَّدَقَٰتُ لِلۡفُقَرَآءِ وَٱلۡمَسَٰكِينِ
بیشک ہم | طرف | اللہ کی | رغبت کرنے والے ہیں | 9:59 | بیشک | صدقات | فقراء کے لئے ہیں | اور مسکینوں کے لئے

وَٱلۡعَٰمِلِينَ عَلَيۡهَا وَٱلۡمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمۡ وَفِي ٱلرِّقَابِ
اور کام کرنے والے | ان پر | اور الفت دلانے کے لئے | ان کے دلوں کو | اور میں | گردنیں چھڑانے میں

وَٱلۡغَٰرِمِينَ وَفِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِۖ فَرِيضَةٗ
اور قرض دار کے لئے | اور میں | راستے میں | اللہ کے | اور | مسافر کے لئے | ایک فریضہ ہے

مِّنَ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٞ ٦٠ وَمِنۡهُمُ ٱلَّذِينَ يُؤۡذُونَ
سے | اللہ کی طرف سے | اور اللہ | علم والا ہے | حکمت والا ہے | 9:60 | اور ان میں سے | وہ لوگ | جو اذیت دیتے ہیں

ٱلنَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٞۚ قُلۡ أُذُنُ خَيۡرٖ لَّكُمۡ يُؤۡمِنُ
نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) | اور وہ کہتے ہیں | کہ وہ | کان ہے | کہہ دیجئے | کان | اچھا ہے | تمہارے لئے | وہ ایمان رکھتا ہے

بِٱللَّهِ وَيُؤۡمِنُ لِلۡمُؤۡمِنِينَ وَرَحۡمَةٞ لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ
اللہ پر | اور اعتماد کرتا ہے | مومنوں پر | اور رحمت ہے | ان لوگوں کے لئے | جو ایمان لائے

مِنكُمۡۚ وَٱلَّذِينَ يُؤۡذُونَ رَسُولَ ٱللَّهِ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ ٦١
تم میں سے | وہ لوگ | جو دکھ دیتے ہیں | رسول کو | اللہ کے | ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | 9:61

۵۵. پس آپ کو ان کے مال و اولاد تعجب میں نہ ڈال دیں، اللہ کی چاہت یہی ہے کہ اس سے انہیں دنیا کی زندگی میں ہی سزا دے اور ان کے کفر ہی کی حالت میں ان کی جانیں نکل جائیں۔

۵۶. یہ اللہ کی قسم کھا کھا کر کہتے ہیں کہ تمہاری جماعت کے لوگ ہیں، حالانکہ وہ دراصل تمہارے نہیں بات صرف اتنی ہے یہ ڈرپوک لوگ ہیں۔

۵۷. اگر یہ کوئی بچاؤ کی جگہ یا کوئی غار یا کوئی بھی سر گھسانے کی جگہ پا لیں تو ابھی اس طرف لگام توڑ کر الٹے بھاگ چھوٹیں۔

۵۸. ان میں وہ بھی ہیں جو خیراتی مال کی تقسیم کے بارے میں آپ پر عیب رکھتے ہیں اگر انہیں اس میں مل جائے تو خوش ہیں اور اگر اس میں سے نہ ملا تو فوراً ہی بگڑ کھڑے ہوئے۔

۵۹. اگر یہ لوگ اللہ اور رسول کے دیئے ہوئے پر خوش رہتے اور کہہ دیتے کہ اللہ ہمیں کافی ہے اللہ ہمیں اپنے فضل سے دے گا اور اس کا رسول بھی، ہم تو اللہ کی ذات سے ہی توقع رکھنے والے ہیں۔

۶۰. صدقے صرف فقیروں کے لئے ہیں اور مسکینوں کے لئے اور ان کے وصول کرنے والوں کے لئے اور ان کے لئے جن کے دل پرچائے جاتے ہوں اور گردن چھڑانے میں اور قرضداروں کے لئے اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کے لئے فرض ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

۶۱. ان میں سے وہ بھی ہیں جو پیغمبر کو ایذا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کان کا کچا ہے، آپ کہہ دیجئے کہ وہ کان تمہارے بھلے کے لئے ہیں وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور مسلمانوں کی بات کا یقین کرتا ہے اور تم میں سے جو اہل ایمان ہیں یہ ان کے لئے رحمت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو لوگ ایذا دیتے ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

يَحْلِفُونَ بِٱللَّهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥٓ أَحَقُّ
وہ قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | تمہارے لئے | تاکہ راضی کریں تم کو | اور اللہ | اور اس کے رسول | زیادہ حق دار ہے

أَن يُرْضُوهُ إِن كَانُوا۟ مُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾ أَلَمْ يَعْلَمُوٓا۟ أَنَّهُۥ مَن
کہ | وہ راضی کریں اس کو | اگر | ہیں وہ | ایمان لانے والے | 9:62 | کیا نہیں | انہوں نے جانا | بیشک وہ | جو کوئی

يُحَادِدِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَأَنَّ لَهُۥ نَارَ جَهَنَّمَ خَٰلِدًا فِيهَا ۚ
مخالفت کرتا ہے | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | تو بیشک | اس کے لئے | آگ ہے | جہنم کی | ہمیشہ رہنے والا ہے | اس میں

ذَٰلِكَ ٱلْخِزْىُ ٱلْعَظِيمُ ﴿٦٣﴾ يَحْذَرُ ٱلْمُنَٰفِقُونَ أَن
یہ | رسوائی ہے | بڑی | 9:63 | ڈر رہے ہیں | منافق | کہ

تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُم بِمَا فِى قُلُوبِهِمْ ۚ قُلِ ٱسْتَهْزِءُوٓا۟
اتاری جائے | ان پر | کوئی سورت | جو آگاہ کردے ان کو | جو اس کے ساتھ | میں | ان کے دلوں | کہہ دیجئے | کہ مذاق اڑا لو

إِنَّ ٱللَّهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ ﴿٦٤﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ
بیشک | اللہ | نکالنے والا ہے | جس سے | تم ڈرتے ہو | 9:64 | اور البتہ اگر | پوچھو تم ان سے

لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِٱللَّهِ وَءَايَٰتِهِۦ
البتہ ضرور کہیں گے | بیشک | تھے ہم | بحث کرتے | اور کھیل رہے - دل لگی کرتے | کہہ دیجئے | کیا اللہ کے ساتھ | اور اس کی آیات کے ساتھ

وَرَسُولِهِۦ كُنتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوا۟ قَدْ كَفَرْتُم
اور اس کے رسول کے ساتھ | ہو تم | تم مذاق اڑاتے | 9:65 | نہ | تم معذرتیں کرو | تحقیق | کفر کیا تم نے

بَعْدَ إِيمَٰنِكُمْ ۚ إِن نَّعْفُ عَن طَآئِفَةٍ مِّنكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ
بعد | اپنے ایمان کے | اگر | ہم درگزر کریں | سے | ایک گروہ (سے) | تم میں سے | ہم عذاب دیں گے | ایک گروہ کو

بِأَنَّهُمْ كَانُوا۟ مُجْرِمِينَ ﴿٦٦﴾ ٱلْمُنَٰفِقُونَ وَٱلْمُنَٰفِقَٰتُ
کیونکہ وہ | ہیں | مجرم لوگ | 9:66 | منافق مرد | اور منافق عورتیں

بَعْضُهُم مِّنۢ بَعْضٍ ۚ يَأْمُرُونَ بِٱلْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ
ان میں سے بعض | سے | بعض سے ہیں | وہ حکم دیتے ہیں | برائی کا | اور روکتے ہیں

عَنِ ٱلْمَعْرُوفِ وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا۟ ٱللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۗ
سے | بھلائی سے | اور روک کر رکھتے ہیں | اپنے ہاتھوں کو | وہ بھول گئے | اللہ کو | تو اس نے بھلا دیا ان کو

إِنَّ ٱلْمُنَٰفِقِينَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلْمُنَٰفِقِينَ
بیشک | منافق لوگ | وہی | نافرمان ہیں | 9:67 | وعدہ کر رکھا ہے | اللہ نے | منافق مردوں سے

وَٱلْمُنَٰفِقَٰتِ وَٱلْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۚ هِىَ
اور منافق عورتوں سے | اور کافروں سے | آگ کا | جہنم کی | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | وہی

حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ ٱللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٦٨﴾
کافی ہے ان کو | اور لعنت کی ان پر | اللہ نے | اور ان کے لئے | عذاب ہے | قائم رہنے والا | 9:68

٦٢. محض تمہیں خوش کرنے کے لئے تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جاتے ہیں حالانکہ اگر یہ ایمان دار ہوتے تو اللہ اور اس کا رسول رضامند کرنے کے زیادہ مستحق تھے۔

٦٣. کیا یہ نہیں جانتے کہ جو بھی اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرے گا اس کے لئے یقیناً دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے، یہ زبردست رسوائی ہے۔

٦٤. منافقوں کو ہر وقت اس بات کا کھٹکا لگا رہتا ہے کہ کہیں مسلمانوں پر کوئی سورت نہ اترے جو ان کے دلوں کی باتیں انہیں بتلا دے۔ کہہ دیجئے کہ مذاق اڑاتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ اسے ظاہر کرنے والا ہے جس سے تم ڈر دبک رہے ہو۔

٦٥. اگر آپ ان سے پوچھیں تو صاف کہہ دیں گے کہ ہم تو یونہی آپس میں ہنس بول رہے تھے۔ کہہ دیجئے کہ اللہ اس کی آیتیں اور اس کا رسول ہی تمہارے ہنسی مذاق کے لئے رہ گئے ہیں۔

٦٦. تم بہانے نہ بناؤ یقیناً تم اپنے ایمان کے بعد بے ایمان ہوگئے اگر ہم تم میں سے کچھ لوگوں سے درگزر بھی کرلیں تو کچھ لوگوں کو ان کے جرم کی سنگین سزا بھی دیں گے

٦٧. تمام منافق مرد اور عورت آپس میں ایک ہی ہیں، یہ بری باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بھلی باتوں سے روکتے ہیں اور اپنی مٹھی بند رکھتے ہیں، یہ اللہ کو بھول گئے اللہ نے انہیں بھلا دیا، بیشک منافق ہی فاسق و بد کردار ہیں۔

٦٨. اللہ تعالیٰ ان منافق مردوں، عورتوں اور کافروں سے جہنم کی آگ کا وعدہ کر چکا ہے جہاں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، وہی انہیں کافی ہے ان پر اللہ کی پھٹکار ہے، اور ان ہی کے لئے دائمی عذاب ہے۔

كَالَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا

ان لوگوں کی طرح | جو تم سے پہلے تھے | وہ تھے | زیادہ شدید | تم سے | قوت میں | اور بڑھے ہوئے | مال میں

وَأَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُم بِخَلَاقِكُمْ

اور اولاد میں | پس انہوں نے فائدہ اٹھایا | اپنے حصے کا | پس تم فائدہ اٹھا رہے ہو | اپنے حصے کا

كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُم بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ

جس طرح کا | فائدہ اٹھایا | ان لوگوں نے | جو تم سے پہلے تھے | اپنے حصے کا | اور بحثوں میں پڑے تم

كَالَّذِي خَاضُوا ۚ أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

ان لوگوں کی طرح | جو بحثوں میں پڑے | یہی لوگ | ضائع ہوگئے | ان کے اعمال | میں | دنیا میں

وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٦٩﴾ أَلَمْ يَأْتِهِمْ

اور آخرت میں | اور یہ لوگ | یہی | جو خسارہ پانے والے ہیں | ۹:۶۹ | کیا نہیں | آئی ان کے پاس

نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَقَوْمِ

خبر | ان لوگوں کی | جو ان سے پہلے تھے | قوم | نوح کی | اور عاد | اور ثمود | اور قوم

إِبْرَاهِيمَ وَأَصْحَابِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكَاتِ ۚ أَتَتْهُمْ رُسُلُهُم

ابراہیم | اور والے | مدین والے - مدین والے | اور وہ بستیاں جنہیں الٹ دیا گیا | جنہیں الٹ دیا گیا آئے ان کے پاس | ان کے رسولوں نے

بِالْبَيِّنَاتِ ۖ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا

روشن دلائل کے ساتھ | پس نہیں | ہے | اللہ | کہ ظلم کرتا ان پر | اور لیکن | وہ تھے

أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٧٠﴾ وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ

اپنی جانوں پر | ظلم کرتے | ۹:۷۰ | اور مومن مرد | اور مومن عورتیں | ان میں سے بعض

أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ

مددگار ہیں | بعض کے | وہ حکم دیتے ہیں | بھلائی کا | اور روکتے ہیں | سے | برائی سے

وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ

اور وہ قائم کرتے ہیں | نماز | اور وہ دیتے ہیں | زکوۃ | اور اطاعت کرتے ہیں | اللہ کی

وَرَسُولَهُ ۚ أُولَٰئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

اور اس کے رسول کی | یہی لوگ | عنقریب رحم کرے گا ان پر | اللہ | بیشک | اللہ تعالی | غالب ہے | حکمت والا ہے

﴿٧١﴾ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

۹:۷۱ | وعدہ کیا | اللہ نے | مومن مردوں سے | اور مومن عورتوں سے | باغات کا | بہتی ہیں | کے | ان کے نیچے

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ

نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | گھریں | پاکیزہ | میں | باغات | ہمیشگی کی

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٧٢﴾

اور رضامندی | سے | اللہ | سب سے بڑی چیز ہے | یہی | وہ | کامیابی ہے | بڑی | ۹:۷۲

۶۹. مثل ان لوگوں کے جو تم سے پہلے تھے تم سے وہ زیادہ قوت والے تھے اور زیادہ مال اولاد والے تھے پس وہ اپنا دینی حصہ برت گئے پھر تم نے بھی اپنا حصہ برت لیا جیسے تم سے پہلے کے لوگ اپنے حصے سے فائدہ مند ہوئے تھے اور تم نے بھی اس طرح مذاقانہ بحث کی جیسے کہ انہوں نے کی تھی، ان کے اعمال دنیا اور آخرت میں غارت ہوگئے یہی لوگ نقصان پانے والے ہیں۔

۷۰. کیا انہیں اپنے سے پہلے لوگوں کی خبریں نہیں پہنچیں، قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور اہل مدین اور اہل مؤتفکات (الٹی ہوئی بستیوں کے رہنے والے) کی، ان کے پاس ان کے پیغمبر دلیلیں لے کر پہنچے، اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرے بلکہ انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا۔

۷۱. مومن مرد و عورت آپس میں ایک دوسرے کے مددگار و معاون اور دوست ہیں، وہ بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائیوں سے روکتے ہیں نمازوں کی پابندی بجا لاتے ہیں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اللہ کی اور اس کے رسول کی بات مانتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالی بہت جلد رحم فرمائے گا بیشک اللہ غلبے والا حکمت والا ہے۔

۷۲. ان ایماندار مردوں اور عورتوں سے اللہ نے ان جنتوں کا وعدہ فرمایا ہے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں جہاں وہ ہمیشہ ہمیش رہنے والے ہیں اور ان صاف ستھرے پاکیزہ محلات کا جو ان ہمیشگی والی جنتوں میں ہیں، اور اللہ کی رضامندی سب سے بڑی چیز ہے، یہی زبردست کامیابی ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ جَٰهِدِ ٱلْكُفَّارَ وَٱلْمُنَٰفِقِينَ وَٱغْلُظْ عَلَيْهِمْ

اے | نبی (صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم) | جہاد کیجئے | کافروں سے | اور منافقوں سے | اور سختی کیجئے | ان پر

وَمَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ٧٣ يَحْلِفُونَ بِٱللَّهِ مَا قَالُوا۟

اور ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے | اور بہت ہی برا ہے | ٹھکانہ | ۹:۷۳ | وہ قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | نہیں | انہوں نے کہا

وَلَقَدْ قَالُوا۟ كَلِمَةَ ٱلْكُفْرِ وَكَفَرُوا۟ بَعْدَ إِسْلَٰمِهِمْ وَهَمُّوا۟

اور البتہ تحقیق | انہوں نے کہا ہے | کلمہ | کفر | اور انہوں نے کفر کیا | بعد | اپنے اسلام کے | اور انہوں نے ارادہ کیا

بِمَا لَمْ يَنَالُوا۟ ۚ وَمَا نَقَمُوٓا۟ إِلَّآ أَنْ أَغْنَىٰهُمُ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ

ساتھ اس کے جو | نہیں | پہنچے وہ | اور نہیں | وہ ناراض ہوئے | مگر | یہ کہ | غنی کردیا ان کو | اللہ نے | اور اس کے رسول نے

مِن فَضْلِهِۦ ۚ فَإِن يَتُوبُوا۟ يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۖ وَإِن يَتَوَلَّوْا۟ يُعَذِّبْهُمُ

سے | اپنے فضل سے | پھر اگر | وہ توبہ کرلیں | ہوگا | اچھا | ان کے لئے | اور اگر | وہ منہ موڑیں | عذاب دے گا ان کو

ٱللَّهُ عَذَابًا أَلِيمًا فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ

اللہ | عذاب | دردناک | میں | دنیا میں | اور آخرت میں | اور نہیں | ان کے لئے | میں | زمین (میں)

مِن وَلِىٍّ وَلَا نَصِيرٍ ٧٤ ۞ وَمِنْهُم مَّنْ عَٰهَدَ ٱللَّهَ لَئِنْ ءَاتَىٰنَا ٣/٤ الحزب ٢٠

کوئی | دوست | اور نہ | کوئی مددگار | ۹:۷۴ | اور ان میں سے | بعض ایسے ہیں | جس نے عہد کیا تھا | اللہ سے | البتہ اگر | وہ دے گا ہم کو

مِن فَضْلِهِۦ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ

سے | اپنے فضل سے | البتہ ہم ضرور صدقہ کریں گے | اور البتہ ہم ضرور ہوجائیں گے | سے | نیک لوگوں میں سے

٧٥ فَلَمَّآ ءَاتَىٰهُم مِّن فَضْلِهِۦ بَخِلُوا۟ بِهِۦ وَتَوَلَّوا۟ وَّهُم

۹:۷۵ | پھر جب | اس نے دیا ان کو | سے | اپنے فضل سے | وہ بخل کرنے لگے | ساتھ اس کے | اور وہ منہ موڑ گئے | اور وہ

مُّعْرِضُونَ ٧٦ فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِى قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُۥ

منہ موڑنے والے ہیں | ۹:۷۶ | تو اس نے سزا دی ان کو | نفاق کی | میں | ان کے دلوں (میں) | تک | ایک ایسے دن تک | وہ ملیں گے اس میں

بِمَآ أَخْلَفُوا۟ ٱللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا۟ يَكْذِبُونَ ٧٧

بوجہ اس کے جو | انہوں نے خلاف کیا | اللہ سے | جس کا | انہوں نے اس سے وعدہ کیا تھا | اور بوجہ اس کے جو | تھے | وہ جھوٹ بولتے | ۹:۷۷

أَلَمْ يَعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَىٰهُمْ وَأَنَّ ٱللَّهَ

کیا نہیں | انہوں نے جانا | بیشک | اللہ تعالیٰ | جانتا ہے | ان کی چھپی ہوئی بات کو | اور ان کی سرگوشیوں کو | اور بیشک | اللہ تعالیٰ

عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ ٧٨ ٱلَّذِينَ يَلْمِزُونَ ٱلْمُطَّوِّعِينَ مِنَ

خوب جاننے والا ہے | غیبوں کو | ۹:۷۸ | وہ لوگ | جو الزام دیتے ہیں | خوشی سے | سے

ٱلْمُؤْمِنِينَ فِى ٱلصَّدَقَٰتِ وَٱلَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ

مومنوں میں سے | میں | صدقات کے بارے میں | اور وہ لوگ | نہیں | وہ پائے گا | مگر | اپنی سخت مشقت سے

فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ ٱللَّهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ٧٩

تو وہ مذاق اڑاتے ہیں | ان کا | مذاق اڑاتا ہے | اللہ | ان کا | اور ان کے لیے | عذاب ہے | دردناک | ۹:۷۹

۷۳. اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد جاری رکھو، اور ان پر سخت ہو جاؤ ان کی اصلی جگہ دوزخ ہے جو نہایت بدترین جگہ ہے۔

۷۴. یہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے نہیں کہا، حالانکہ یقیناً کفر کا کلمہ ان کی زبان سے نکل چکا ہے اور یہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہوگئے اور انہوں نے اس کام کا قصد بھی کیا جو پورا نہ کر سکے یہ صرف اسی بات کا انتقام لے رہے ہیں کہ انہیں اللہ نے اپنے فضل سے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دولتمند کر دیا، اگر یہ بھی توبہ کرلیں تو یہ ان کے حق میں بہتر ہے اور اگر منہ موڑے رہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں دنیا و آخرت میں دردناک عذاب دے گا اور زمین بھر میں ان کا کوئی حمایتی اور مددگار نہ کھڑا ہوگا۔

۷۵. ان میں وہ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ اپنے فضل سے مال دے گا تو ہم ضرور صدقہ و خیرات کریں گے اور آپکی طرح نیکوکاروں میں ہوجائیں گے۔

۷۶. لیکن جب اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا تو یہ اس میں بخیلی کرنے لگے اور اعراض کرتے ہوئے منہ موڑ لیا

۷۷. پس اس کی سزا میں اللہ نے ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا اللہ سے ملنے کے دنوں تک، کیونکہ انہوں نے اللہ سے کئے ہوئے وعدے کے خلاف کیا اور کیونکہ وہ جھوٹ بولتے رہے۔

۷۸. کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے دل کا بھید اور ان کی سرگوشی سب معلوم ہے اور اللہ تعالیٰ غیب کی تمام باتوں سے خبردار ہے۔

۷۹. جو لوگ ان مسلمانوں پر طعنہ زنی کرتے ہیں جو دل کھول کر خیرات کرتے ہیں اور ان لوگوں پر جنہیں سوائے اپنی محنت مزدوری کے اور کچھ میسر نہیں، پس یہ ان کا مذاق اڑاتے ہیں اللہ بھی ان سے تمسخر کرتا ہے، انہی کے لئے دردناک عذاب ہے۔

ٱسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِن تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً
بخشش مانگو ان کے لئے یا نہ تم بخشش مانگو ان کے لئے اگر تم بخشش مانگو گے ان کے لئے ستر بار

فَلَن يَغْفِرَ ٱللَّهُ لَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ ۗ
پس ہرگز نہ معاف کرے گا اللہ ان کے لئے یہ بوجہ اس کے کہ بے شک انہوں نے انکار کیا اللہ کا اور اس کے رسول کا

وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿٨٠﴾ فَرِحَ ٱلْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ
اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ان لوگوں کو جو فاسق ہیں ۹:۸۰ خوش ہوگئے پیچھے چھوڑے جانے والے اپنے بیٹھنے پر

خِلَٰفَ رَسُولِ ٱللَّهِ وَكَرِهُوٓا۟ أَن يُجَٰهِدُوا۟ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ
بعد رسول اللہ کے اور انہوں نے ناپسند کیا کہ وہ جہاد کریں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے

فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ وَقَالُوا۟ لَا تَنفِرُوا۟ فِى ٱلْحَرِّ ۗ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۚ
میں راستے (میں) اللہ کے اور انہوں نے کہا مت نکلو میں گرمی (میں) کہہ دیجئے آگ جہنم کی زیادہ شدید ہے گرمی میں

لَّوْ كَانُوا۟ يَفْقَهُونَ ﴿٨١﴾ فَلْيَضْحَكُوا۟ قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا۟ كَثِيرًا جَزَآءًۢ
کاش کہ ہوتے وہ سمجھتے ۹:۸۱ پس چاہیئے کہ ہنسیں تھوڑا اور چاہیے کہ روئیں زیادہ بدلہ ہے

بِمَا كَانُوا۟ يَكْسِبُونَ ﴿٨٢﴾ فَإِن رَّجَعَكَ ٱللَّهُ إِلَىٰ طَآئِفَةٍ
بوجہ اس کے جو وہ تھے کمائی کرتے ۹:۸۲ پھر اگر لوٹا لایا تجھ کو اللہ طرف ایک گروہ کے

مِّنْهُمْ فَٱسْتَـْٔذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُل لَّن تَخْرُجُوا۟ مَعِىَ أَبَدًا وَلَن
ان میں سے پھر انہوں نے اجازت مانگی آپ سے نکلنے کے لئے پس کہہ دیجئے ہرگز نہیں تم نکلو گے میرے ساتھ کبھی بھی اور ہرگز نہ

تُقَٰتِلُوا۟ مَعِىَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُم بِٱلْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَٱقْعُدُوا۟
تم جنگ کرو گے میرے ساتھ دشمن کے ساتھ بیشک تم راضی ہوگئے تم بیٹھنے پر پہلی بار پس بیٹھے رہو

مَعَ ٱلْخَٰلِفِينَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰٓ أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ
ساتھ پیچھے رہنے والوں کے ۹:۸۳ اور نہ تم جنازہ پڑھو پر کسی ایک (پر) ان میں سے جو مرجائے کبھی بھی اور نہ تم کھڑے ہو

عَلَىٰ قَبْرِهِۦٓ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَمَاتُوا۟ وَهُمْ فَٰسِقُونَ
پر اس کی قبر (پر) کیونکہ انہوں نے کفر کیا اللہ کا اور اس کے رسول کا اور وہ مرگئے اور وہ نافرمان تھے

﴿٨٤﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَٰلُهُمْ وَأَوْلَٰدُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُعَذِّبَهُم
۹:۸۴ اور نہ پسند آئے تجھ کو ان کے مال اور ان کی اولادیں بیشک چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو

بِهَا فِى ٱلدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَٰفِرُونَ ﴿٨٥﴾ وَإِذَآ
ساتھ ان کے میں دنیا میں اور نکلیں ان کی جانیں اس حال میں کہ وہ کافر ہوں ۹:۸۵ اور جب

أُنزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَجَٰهِدُوا۟ مَعَ رَسُولِهِ ٱسْتَـْٔذَنَكَ
اتاری گئی ایک سورت کہ ایمان لاؤ اللہ پر اور جہاد کرو ساتھ اس کے رسول کے اجازت مانگنے لگے تجھ سے

أُو۟لُوا۟ ٱلطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوا۟ ذَرْنَا نَكُن مَّعَ ٱلْقَٰعِدِينَ ﴿٨٦﴾
والے وسعت ان میں سے اور کہنے لگے چھوڑ دو ہم کو ہم ہوجائیں ساتھ بیٹھنے والوں کے ۹:۸۶

۸۰. ان کے لئے تو استغفار کر یا نہ کر۔ اگر تو ستر مرتبہ بھی ان کے لئے استغفار کرے تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ سے اور اس کے رسول سے کفر کیا ہے، ایسے فاسق لوگوں کو رب کریم ہدایت نہیں دیتا۔

۸۱. پیچھے رہ جانے والے لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جانے کے بعد اپنے بیٹھے رہنے پر خوش ہیں، انہوں نے اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانوں سے جہاد کرنا پسند رکھا اور انہوں نے کہہ دیا اس گرمی میں مت نکلو۔ کہہ دیجئے کہ دوزخ کی آگ بہت ہی سخت گرم ہے کاش کہ وہ سمجھتے ہوتے۔

۸۲. پس انہیں چاہیے کہ بہت کم ہنسیں اور بہت زیادہ روئیں بدلے میں اس کے جو یہ کرتے تھے۔

۸۳. پس اگر اللہ تعالیٰ آپ کو ان کی کسی جماعت کی طرف لوٹا کر واپس لے آئے پھر یہ آپ سے میدان جنگ میں نکلنے کی اجازت طلب کریں تو آپ کہہ دیجئے کہ تم میرے ساتھ ہرگز چل نہیں سکتے اور نہ میرے ساتھ تم دشمنوں سے لڑائی کر سکتے ہو۔ تم نے پہلی مرتبہ ہی بیٹھ رہنے کو پسند کیا تھا پس تم پیچھے رہ جانے والوں میں ہی بیٹھے رہو۔

۸۴. ان میں سے کوئی مر جائے تو آپ اس کے جنازے کی ہرگز نماز نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں یہ اللہ اور اس کے رسول کے منکر ہیں اور مرتے دم تک بدکار اور بے اطاعت رہے ہیں۔

۸۵. آپ کو ان کے مال و اولاد کچھ بھی بھلے نہ لگیں اللہ کی چاہت یہی ہے کہ انہیں ان چیزوں سے دنیاوی سزا دے اور یہ اپنی جانیں نکلنے تک کافر ہی رہیں۔

۸۶. جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ساتھ مل کر جہاد کرو تو ان میں سے دولت مندوں کا ایک طبقہ آپ کے پاس آکر یہ کہہ کر رخصت لے لیتا ہے کہ ہمیں تو بیٹھے رہنے والوں میں ہی چھوڑ دیجئے۔

رَضُوا بِأَنْ يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ

وہ راضی ہوگئے | کہ | وہ ہوں | ساتھ | پیچھے رہنے والیوں کے | اور مہر لگا دی گئی | پر | ان کے دلوں (پر) | پس وہ

لَا يَفْقَهُونَ ﴿٨٧﴾ لَٰكِنِ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

نہیں | سمجھتے ہیں | 9:87 | لیکن | رسول | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | ساتھ اس کے

جَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الْخَيْرَاتُ ۖ

انہوں نے جہاد کیا | اپنے مالوں کے سے | اور اپنی جانوں کے سے | اور یہی لوگ | ان کے لئے | بھلائیاں ہیں

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٨٨﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اوریہی لوگ | وہ | فلاح پانے والے ہیں | 9:88 | تیار کیا | اللہ نے | ان کے لئے | باغات کو | بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٨٩﴾

سے | ان کے نیچے سے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | یہ کہ | کامیابی | بڑی | 9:89

وَجَاءَ الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِينَ

اور آگئے | معذرتیں کرنے والے | سے | اعراب میں (سے) | کہ اجازت دی جائے | ان کو | اور بیٹھ گئے | وہ لوگ

كَذَبُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ

جنہوں نے جھوٹ بولا | اللہ سے | اور اس کے رسول سے | عنقریب پہنچے گا | ان کو | جنہوں نے کفر کیا | ان میں سے | عذاب

أَلِيمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى الَّذِينَ

دردناک | 9:90 | نہیں ہے | پر | کمزوروں (پر) | اور نہ | پر | مریضوں (پر) | اور نہ | پر | ان لوگوں (پر) جو

لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ

نہیں | وہ پاتے | جو | وہ خرچ کرتے ہیں | کوئی تنگی | جب | وہ خیرخواہی کریں | اللہ کے لئے | اور اس کے رسول کے لئے

مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِنْ سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٩١﴾

نہیں ہے | پر | احسان کرنے والوں پر | کوئی | راہ ۔ کوئی مواخذہ | اور اللہ | غفور | رحیم ہے | 9:91

وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ

اور نہ | پر | وہ لوگ جو | جب | جب | آپ کے پاس آئے | تاکہ آپ انہیں سواری دیں | آپ نے کہا | نہیں | میں پاتا

مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ

جو | تمہیں سوار کروں میں | اس پر | وہ لوٹے | اور ان کی آنکھیں | بہہ رہی ہیں | سے | آنسو(جمع)

حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنْفِقُونَ ﴿٩٢﴾ ۞ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى

غم سے | کہ نہیں | وہ پاتے | جو | وہ خرچ کریں | 9:92 | بیشک | مواخذہ | پر

الجزء ١١ — الحزب ٢١

الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاءُ ۚ رَضُوا بِأَنْ يَكُونُوا

ان لوگوں پر ہے | جو اجازت مانگتے ہیں آپ سے | حالانکہ وہ | غنی ہیں | وہ راضی ہوگئے | کہ | وہ ہوں

مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٩٣﴾

ساتھ | پیچھے رہنے والیوں کے (ساتھ) | اور مہر لگا دی | اللہ نے | پر | ان کے دلوں (پر) | تو وہ | نہیں | جانتے | 9:93

---

٨٧. یہ تو خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر ریجھ گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی اب وہ کچھ سمجھ عقل نہیں رکھتے

٨٨. لیکن خود رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اس کے ساتھ کے ایمان والے اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں، یہی لوگ بھلائیوں والے ہیں اور یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔

٨٩. انہی کے لئے اللہ نے وہ جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے

٩٠. بادیہ نشینوں میں سے عذر والے لوگ حاضر ہوئے کہ انہیں رخصت دے دی جائے اور وہ بیٹھ رہے جنہوں نے اللہ سے اور اس کے رسول سے جھوٹی باتیں بنائی تھیں۔ اب تو ان میں جتنے کفار ہیں انہیں دردناک عذاب پہنچ کر رہے گی۔

٩١. ضعیفوں پر اور بیماروں پر اور ان پر جن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ بھی نہیں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کرتے رہیں، ایسے نیک کاروں پر الزام کی کوئی راہ نہیں، اللہ تعالٰی بڑی مغفرت اور رحمت والا ہے۔

٩٢. ہاں ان پر بھی کوئی حرج نہیں جو آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ انہیں سواری مہیا کر دیں تو آپ جواب دیتے ہیں کہ میں تمہاری سواری کے لئے کچھ بھی نہیں پاتا تو وہ رنج و غم سے اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں کہ انہیں خرچ کرنے کے لئے کچھ بھی میسر نہیں۔

٩٣. بیشک انہیں لوگوں پر راہ الزام ہے جو باوجود دولتمند ہونے کے آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں یہ خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر خوش ہیں اور ان کے دلوں پر مہر خداوندی لگ چکی ہے وہ محض بے علم ہوگئے ہیں۔